دوسرے House میں جاتا ہے۔ اگر without amendment pass ہو جائے تو وہ پھر assent کے لیے چلا جاتا ہے۔ دوسری صورت یہ ہے کہ ہم نے pass کیا، اسے National Assembly میں بھیجا اور انہوں نے amendment کر دی۔ وہ دوبارہ اسی House میں آپ کے پاس آئے گا۔ آپ اسے pass کر دیں تو وہ assent کے لیے چلا جائے گا۔ تیسری صورت یہ ہے کہ آپ اس amendment سے agree نہ کریں تو وہ Bill پھر Joint Sitting کو refer ہوگا۔ آپ دونوں Houses سے pass کرالیں۔ President اسے Article 75 کے تحت examine کریں گے۔ وہ message لگا کے واپس بھیجیں گے کہ اس میں یہ کمیاں یا یہ points ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ وہ Joint Sitting consider کرے وہ بات پھر Joint Sitting میں چلی جائے گی۔ اب جو صورت حال میرے یا House کے سامنے آرہی ہے، وہ یہ ہے کہ وہ Bill جو Senate میں initiate ہوا اور ابھی پاس نہیں ہوا، اگر National Assembly اس دوران dissolve یا expire ہو جائے تو اس پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔ دوسری صورت یہ ہے کہ آپ نے Bill pass کرکے National Assembly Secretariat کو بھیج دیا۔ Meanwhile وہ Bill, National Assembly میں pass ہونے سے پہلے National Assembly dissolve or expire ہو گئی تو اس صورت میں یا تو 90 days والا route rule لے گا یا میری understanding ہے کہ وہ Bill دوبارہ Senate of Pakistan میں re-introduce ہوگا because that would not succeed the other House کیونکہ Senate کو دوام حاصل ہے اور یہ dissolve نہیں ہوتی۔ یہ eventuality ان Bills کے بارے میں ہے جو Senate سے pass ہو کر National Assembly میں جاتے ہیں۔ اگر پھر بھی محسن صاحب کو کوئی تشنگی ہے، کوئی صورت حال واضح نہیں ہے تو Secretariat حاضر ہے اور میرا دفتر بھی حاضر ہے۔ وزیر پارلیمانی امور بھی بیٹھے ہیں۔ اصل کام انہی کا ہے۔ ہم سب حاضر ہیں۔ آپ جیسے کہیں گے ہم وہاں بیٹھ کر بات کر لیں گے۔ آپ کی تسلی ضروری ہے کہ یہ سب قانون کے مطابق ہو رہا ہے، شکریہ۔

Mr. Chairman: I, now, put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: We, now, take up second reading of the Bill which is Clause by Clause consideration of the Bill. There is no amendment in Clauses 2 to 4. So, I put these Clauses as one question before the House. The question is that Clauses 2 to 4 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clauses 2 to 4 stand part of the Bill. We, now, take up Clause 1, The Preamble and Title of the Bill. The question is that Clause 1, The Preamble and Title do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1, The Preamble and Title stands part of the Bill. We now move on to Order. No. 25. It stands in the name of Senator Shahdat Awan. Please move Order. No. 25.

Senator Shahadat Awan: I, Senator Shahadat Awan wish to move that the Bill further to amend the Islamabad Capital Territory Charities Registration, Regulation and Facilitation Act, 2021 [The Islamabad Capital Territory Charities Registration, Regulation and Facilitation (Amendment) Bill, 2023], be passed.

Mr. Chairman: I now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted and the Bill stands passed unanimously. Senator Shahadat Awan, Order No.26.

Senator Shahadat Awan: I, Senator Shahadat Awan wish to move that the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 [The Pakistan Penal Code (Amendment) Bill, 2023], (Amendment of section 377A

of PPC), as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: Honourable Senator Shahadat Awan صاحب سے درخواست کی ہے کہ اسے defer کر دیا جائے۔ اس میں ایک legal issue ہے، ہم ان کے ساتھ بیٹھ کر اسے sort out کر لیتے ہیں۔

Mr. Chairman: Stands deferred. Senator Shahadat Awan may move Order No.27. Excuse me, this is also deferred. Please move Order No. 28.

**Consideration and passage of [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2024], (Amendment of sections 292, 293 and 294 of PPC and subsequent amendments in Schedule II of Cr.PC)**

Senator Shahadat Awan: I Senator Shahadat Awan, wish to move that the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2024], (Amendment of sections 292, 293 and 294 of PPC and subsequent amendments in Schedule II of Cr.PC), as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: سینیٹر شہادت اعوان صاحب بتا بھی دیتے کہ یہ بہت پرانی سزائیں ہیں دو مہینے تین مہینے کی، شاید کہ ان میں ایک سال اور دو سال کا اضافہ چاہ رہے ہیں، کچھ publications اور اس کے بارے میں ذرا ایوان کو apprise کر دیں۔

سینیٹر شہادت اعوان: پہلے یہ قانون کے اندر section 292 وغیرہ تھیں obscene books وغیرہ بکتی تھیں یا obscene objects جو نوجوان بچوں کو بیچتے تھے یا obscene songs جو عام market میں بکتے تھے وہ non-cognizable

Offense تھا اس کو کوئی پوچھتا ہی نہیں تھا کہ تھانے میں جا کر entry کیوں کروائیں۔ تو میں نے اس کے لیے یہ کہا ہے کہ کم از کم اس کی دو سال تین سال سزا کر دی جائے تا کہ لوگوں میں خوف ہو کہ قوم کے جو بچے ہیں ان کو خراب نہ کیا جائے یا تو ان کو وہاں سے ہٹا دیا جائے، تو میں نے وہ کام کیا ہے جو ننگی تصویروں والی کتابیں، CD's audio, video اس قسم کی چیزوں کی خرید وفروخت بند ہو جائیں۔

Mr. Chairman: I now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted unanimously. Second reading of the Bill, there is no amendment in Clauses 2 to 5. So, I will put these Clauses as one question before the House. The question is that Clauses 2 to 5 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clauses 2 to 5 stand part of the Bill. Clause-1 the Preamble and the Title of the Bill, we may now take up Clause-1 the Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause-1, the Preamble and the Title do form part of the Bill?

(The motion was carried)

Mr. Chairman: Clause-1, the Preamble and the Title stands part of the Bill. Senator Shahadat Awan may move Order No.29.

Senator Shahadat Awan: I Senator Shahadat Awan, move that the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2024], be passed.

Mr. Chairman: I now put the Motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted and Bill stands passed unanimously. Senator Shahadat Awan may move Order No.30.

**Consideration and passage of[The Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 2024]**

Senator Shahadat Awan: I Senator Shahadat Awan, move that the Bill further to amend the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 2024] (Amendment of sections 513 and 514 of Cr.PC), as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed? Not opposed? And I now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted unanimously. Second reading of the Bill. Clauses 2 to 3, there is no amendment in Clauses 2 to 3. So, I will put these Clauses as one question. The question is that Clauses 2 to 3 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clauses 2 to 3 stand part of the Bill. Clause-1 the Preamble and the Title of the Bill, we may now take up Clause-1 the Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause-1, the Preamble and the Title do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause-1, the Preamble and the Title stands part of the Bill. Senator Shahadat Awan may move Order No.31.

Senator Shahadat Awan: I Senator Shahadat Awan, to move that the Bill further to amend the Code of

Criminal Procedure, 1898 [The Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill,2024], be passed.

Mr. Chairman: I now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted and the Bill stands passed unanimously. Order No.32, Senator Shahadat Awan.

Senator Shahadat Awan: I Senator Shahadat Awan, move that the Bill further to amend the Fatal Accidents Act, 1855 [The Fatal Accidents (Amendment) Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! اس میں ایک technicality جو محکمے نے بھی کہا ہے، Committee سے تو یہ نکل گیا ہوا ہے، اس میں what happens if ultimately that suit fail یہ فرما رہے ہیں، نیک نیتی سے انہوں نے move کیا ہے۔ Fatal Accidents کی compensation کا اگر آپ نے دعویٰ دائر کر رکھا ہو تو اس کے لیے کہتے ہیں کہ مقتول متوفی کی جو family ہے اس کو as an interim relief آپ ماہانہ support کرتے جائیں۔ لیکن flip-side پر یہ آیا ہے کہ what happens if at the end of the day وہ ثابت نہیں ہوتا کہ plaintiff نے ہی کیا تھا، تو پھر اس کی recovery کیسے ہو گی۔ اگر سینیٹر شہادت اعوان صاحب اجازت دیں تو اسے اس کے ساتھ رکھ لیتے ہیں 377 A میں، جو انہوں نے defer کر دیئے ہیں، آج کافی pass ہو گئے ہیں۔

سینیٹر شہادت اعوان: جب بھی میرے زیادہ Bill لگتے ہیں تو کہتے ہیں کہ کافی pass ہو گئے ہیں، ٹھیک ہے جناب!

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! آپ defer فرما دیں میں نے ان سے درخواست کر لی ہے۔

Mr. Chairman: Stands deferred. Senator Fawzia Arshad may move Order No.34. This is a Constitutional Amendment.

سینیٹر فوزیہ ارشد: جناب! میں نے پہلے بھی آپ سے التجا کی تھی کہ اس کو میں defer کرنا چاہ رہی ہوں، فی الحال اس کو defer کر دیجئے۔

Mr. Chairman: Ok, stands defer. Order No. 7, I deferred because you were absent. If you are present, you can move the Aganda. Senator Zarqa Suharwardy Taimur please move Order No.7.

**Introduction of [The Drug Regulatory Authority of Pakistan (Amendment) Bill, 2025]**

Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur: I move to introduce the Bill further to amend the Drug Regulatory Authority of Pakistan Act, 2012 [The Drug Regulatory Authority of Pakistan (Amendment) Bill, 2025].

اس بل کا main مقصد یہی ہے کہ drugs کی جو قیمتیں رکھی جاتی ہیں وہ generic نام پر نہیں رکھی جاتیں، جو current DRAP ہے اور اس میں عوام کے لیے بہت مشکلات ہوتی ہیں اور دوائیاں بہت مہنگی ملتی ہیں۔ آج Prime Minister صاحب نے DRAP کا کوئی digital platform بھی inaugurate کیا ہے۔ So, I really don't know کہ اِس پر اُس کی کیا implications ہوں گی

but anyways, the purpose of my Bill is to rationalize the pricing of the medicines under DRAP.

Mr. Chairman: The Bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned. Order No.36. We may now take up Order No.36. Senator Kamran Murtaza may move Order No.36. Not present? OK.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: عرفان صدیقی صاحب کا سینیٹ کے rules کے حوالے سے ایک matter ہے۔ جناب، وہ اگر اس کے ساتھ ہی ہو جائے تاکہ Motions کے ساتھ ہم باقی debate open کریں۔

Mr. Chairman: What is this about?

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: ایک منٹ کا کام ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: چلیں دو منٹ لگ جائیں گے۔

Mr. Chairman: Order No.41. Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui may move Order. No.41.

**Amendments to the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012 as reported by the Committee (under rule 278 of the RPCBS, 2012)**

Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui: I move that the proposed amendments in Rules 14, 15, 16, 94, 96, 171 and 172F of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, as reported by the Committee, be taken into consideration at once.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: Yes please.

*(Interruption)*

جناب چیئرمین: جی، ruling change کرنی ہے۔

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: یہ بالکل simple سے rules ہیں۔ جہاں جہاں سینیٹ کے Rules of Business میں آیا تھا کہ .one member from FATA اسی طرح FATA کا کئی جگہ پر ذکر آیا ہوا ہے۔ اس میں سے FATA کو ہم نکال رہے ہیں، اس لیے کہ FATA اب وجود نہیں رکھتا۔ اس سے ہماری جو proceedings ہیں، ان کے لکھنے اور پڑھنے میں دقت

پیش آتی ہے۔ اور اس میں کوئی serious چیز ہے ہی نہیں اور اس کو کمیٹی نے unanimously approve بھی کیا ہے۔

Mr. Chairman: Yes please. Mohsin Aziz Sahib.

**Senator Mohsin Aziz**

سینیٹر محسن عزیز: It is for the benefit of the House and I think کہ اس پر آپ کہتے ہیں کہ equal representation کی جو بات آتی ہے تو I wish to amend the present amendment in the Rule 14(1). میں یہاں پر insertion کرنا چاہ رہا ہوں کہ ہمارے یہاں پر of it one shall be a member of the Opposition benches after Presiding Officer. میں یہ کہنا چاہ رہا تھا کہ جب Presiding Officers کا۔۔۔

جناب چیئرمین: یہ amendment یہاں نہیں ہو گی، آپ کو ایک separate notice دینا پڑے گا۔

سینیٹر محسن عزیز: جناب، یہ بڑی benign قسم کی ایک amendment ہے۔ یہ یہیں پر ہو جائے تو اس پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔ ویسے میں نے اس کے متعلق اگر آپ میری last request یاد کریں تو اُس وقت بھی میں نے کہا تھا کہ last one and a half year we have not seen a single person from the Opposition occupying that seat. مطلب یہ کہ اس میں میری طرح کے بھیڑی شکل کے لوگ تو ہوں گے لیکن اچھی شکل کے لوگ بھی ہیں۔ وہ تو کم از کم وہاں چلے جائیں۔ تو یہ amendment میں یہاں ڈالنا چاہ رہا تھا کہ کم از کم یہاں کچھ خوش شکلوں کو تو موقع مل سکے۔

جناب چیئرمین: پہلے آپ کو notice دینا پڑے گا۔ جی عرفان الحق صدیقی صاحب۔

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: جناب! میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: ابھی نہیں کر سکتے۔

**(مداخلت)**

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: تارڑ صاحب! ایک سیکنڈ مجھے time دیں۔ محسن صاحب! جناب چیئرمین!

(مداخلت)

جناب چیئرمین: اس پر میں یہ بتا دوں کہ seven days' notice is required. آپ اپنا notice دے دیں، وہ بعد میں ہو جائے گا۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Seven days' notice is required.

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: جناب! It's all together a new Bill. یہ جو amendment دے رہے ہیں it's all together a new Bill. یہ ایک نیا بل ہے جو یہ propose کرنا چاہتے ہیں۔ وہ بیشک لے کر آ جائیں لیکن جناب، اس میں یہ amendment نہیں آ سکتی۔ اس کو as such pass کیا جائے۔

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: Yes, Parliamentary Leader.

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ ابھی جمع کروا دیں۔ ہم اسے next session میں لے آئیں گے۔ جی علی ظفر صاحب۔

**<u>Senator Syed Ali Zafar</u>**

سینیٹر سید علی ظفر: جناب چیئرمین! یہ rules جو ہیں، یہ ہمارا آئین ہے۔ یہ actually ہمارے سینیٹ کا constitution ہے اور اس میں کوئی بھی ترمیم ہو تو اس کو باقاعدہ غور و فکر کر کے اور discuss کر کے کرنا چاہیے۔

جناب چیئرمین: بالکل۔

سینیٹر سید علی ظفر: جہاں تک عزت مآب سینیٹر شہادت صاحب کا جو پہلا بل گزر گیا، اُس کے بارے میں تو میں چھوڑ دیتا ہوں لیکن یہ جو rules ہیں، ان کے بارے میں ہمیں تھوڑی سی

discussion کرنے کی ضرورت ہے۔ پہلا point انہوں نے بتایا کہ FATA کا نکالنا ہے because of the amendments FATA کی جتنی چیزیں نکلتی ہیں اس پر I have no objection کہ وہ نکل جائیں۔ That is fine لیکن جو بل میں پڑھ رہا ہوں اس میں further amendments بھی ہیں۔ .it is not just FATA میں ذرا بات کر لوں۔

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: ابھی وہ جواب سن لیں۔

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: جناب مجھے explain کرنے دیں۔ میرا خیال ہے کہ علی ظفر صاحب یہ کہنا چاہتے ہیں دو اور چیزیں بھی ہیں۔ ایک چیز ہے کہ جب آپ کسی وجہ سے تشریف فرما نہیں ہوتے اور پہلا session ہوتا ہے اور جناب ڈپٹی چیئرمین بھی موجود نہیں ہوتے تو panel announce ہونا ہوتا ہے کہ کون preside کرے گا۔ ,You are not available Deputy Chairman sahib is not available اور پہلی meeting میں یہ decide ہونا ہے ۔ اس صورت میں ہم نے یہ اختیار دیا ہے کہ آپ سے رابطہ کر کے یا telephonic رابطے سے سیکریٹری صاحب panel لیں گے اور سیکریٹری صاحب کو ہم یہ اختیار دے رہے ہیں کہ in your absence and in the absence of Deputy Chairman وہ panel کو announce کر دیں گے تاکہ session شروع ہو سکے۔ یہ ایک بے ضرر سی چیز ہے۔

جناب چیئرمین: ایک منٹ۔ اس پر میں تھوڑی سی وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔ یہ کمیٹی سے unanimously approve ہو چکا ہے۔

سینیٹر سید علی ظفر: جناب! اس میں غلطیاں ہیں۔ So, I need to point them out very humbly. Of course, mistakes کسی سے بھی ہو جاتی ہیں۔ جناب! یہ جو Rule 14(1) میں amendment چاہ رہے ہیں۔ یہ چاہ رہے ہیں کہ جب چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین absent ہوں، یعنی نہیں ہوں تو پھر Secretary can

he can invite the دوسرے نمبر پر یہ کہہ رہے ہیں کہ nominate a person. senior most out of the Presiding Officers. تو سیکریٹری کو ہم نہیں۔۔۔

جناب چیئرمین: سیکریٹری کو اختیارات نہیں ہوں گے۔ سیکریٹری چیئرمین سے پوچھ کر۔۔۔

سینیٹر سید علی ظفر: نہیں، جناب یہ نہیں لکھا ہے۔ میں پڑھ دیتا ہوں۔ Let me read it. سب سمجھ آ جائے گی۔

Provided that the Chairman and Deputy Chairman are absent at the commencement of the first sitting of the session, the Secretary shall announce the names of the members so nominated.

Secretary shall be communicated by the اب یہ نہیں لکھا کہ Chairman کہ ان میں سے کس کو بنانا ہے۔ It is straight forward, مجھے اسے مکمل کرنے دیں۔

Mr. Chairman: Let him complete.

Senator Syed Ali Zafar: Provided that the Chairman and Deputy Chairman are absent at the commencement of the first sitting of the session, the Secretary shall announce the names of the members so nominated to the panel of Presiding Officers. So, here by rule we are giving the Honourable Secretary the right to appoint the five people.

جناب والا! اس کے آگے لکھا ہے in order of precedence and invite the senior most member یہ بھی مجھے ایک confusion ہے، who determines, who is the senior most member. Is it the age? How do you determine the senior most, from the white hair or what? یہ ایک confusion ہے in this particular

لہذا چونکہ ہم ایک اچھی چیز کرنے جا رہے ہیں، ہونا یہ چاہیے کہ supposingly ,Rule-14
آپ نہیں ہیں

Chairman is not here and for some reasons the Deputy Chairman is not there, by telephonic communication or by other email communication, the Chairman shall still direct

کہ میری جگہ A.B.C میں سے یہ کرے

but we cannot, unfortunately, give that authority to the Secretariat, that is my submission.

Mr. Chairman: Yes, Minister for Law.

**<u>Senator Azam Nazeer Tarar (Minister for Law and Justices)</u>**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: بالکل اچھا point out کر دیا۔ جی، بہت اچھا کر دیا۔ آپ تو ماشاءاللہ استاد ہیں ساروں کے۔ یہ لکھا ہوا ہے language سے فرق پڑے گا۔ وہ کہہ یہ رہے ہیں

> "Provided that if the Chairman and Deputy Chairman are absent at the commencement of the first sitting of a session"

for one reason or other, جناب والا! session call ہو گیا flights نہیں آ سکیں، کراچی سے یا آپ بیرون ملک میں ہیں پہنچ نہیں پائے تو بالکل جو علی ظفر صاحب کہہ رہے ہیں وہی ہو گا کیونکہ

word "so" have been used, "Provided that the Chairman and Deputy Chairman are absent at the commencement of a sitting of a session, the Secretary shall announce the names of the members, so nominated, to the Panel of Presiding Officers

اگر آپ further clarity چاہتے ہیں تو وہاں پر add کر دیں so nominated by the Chairman/Deputy Chairman لیکن مقصد صرف

پڑھنا وہی "so" word exactly اس language میں بھی Secretary dominate نہیں کر رہا۔

سینیٹر سید علی ظفر: جناب چیئرمین! مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے I am just making sure that we don't make a mistake.

جناب چیئرمین: clarity کے لیے ہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! Clarity تو اس میں بھی ہے لیکن اگر سارے کہتے ہیں تو۔۔

Mr. Chairman: I am coming to the point, for example; I was sentenced for ten years for just interpretation that the Speaker is entitled to use a car and the judge interpreted that it is one car. I said in King's English 'a' is plural. He said no.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! ہم کہتے ہیں کہ singular, plural پڑھا جاتا ہے، plural, singular پڑھے جاتے ہیں، عورت مرد پڑھا جاتا ہے، مرد عورت پڑھی جاتی ہے۔

Mr. Chairman: I spent ten years in jail because of his interpretation.

آپ کچھ بتانا چاہتے ہیں؟ جی، پلیز۔ نہیں، ایک منٹ۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب والا! ویسے word "so" has been used, clarity ہے لیکن اس کے باوجود اگر ایوان یہ سمجھتا ہے کہ further clarify کرنا ہے ویسے تو کہتے ہیں کہ brevity is the beauty of proceedings قانون سازی میں pleadings اور اس میں بھی بہت لمبا نہ کریں۔ اگر پڑھنے میں بالکل واضح ہے so nominated جو پیچھے nomination کا اختیار ہے اس میں وہ Chairman کا ہے۔ اگر Chairman available نہیں ہے تو so nominated by the Chairman نہیں آئے گا۔

Mr. Chairman:by Acting Chairman.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: ڈال دیں۔ .Chairman or Deputy Chairman

جناب چیئرمین: ابڑو صاحب آپ کیا کہنا چاہ رہے ہیں؟

**Senator Saifullah Abro**

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: صدیقی صاحب کی proposal پر کوئی زیادہ اختلاف تو نہیں ہے، actually ہمیں دعا کرنی چاہیے کہ ایسی نوبت نہ آئے کہ Chairman بھی نہ ہو Deputy Chairman بھی نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی زندگی دے۔ Session جب بھی call ہوتا ہے تو Head of House کی responsibility ہے کہ وہ لازمی موجود ہو۔ ابھی ایسی کون سی اچانک emergency آ گئی ہے کہ Chairman صاحب بھی نہیں، Deputy Chairman بھی نہیں اور دوبارہ ہم Secretary صاحب کے کندھوں پر بوجھ ڈال دیں تو normally یہ ایسے ہوتا نہیں ہے۔

میرے خیال میں پہلی جو addition ہے clause 14(1) میں اس کی کوئی بھی ضرورت نہیں ہے۔ دیکھیں بات یہ ہے کہ ہم Secretary official responsibility پر ڈالیں کہ وہ Panel of Presiding Officers کی announcement کریں گے وہ کیسے determine کریں گے who is senior جیسے علی ظفر صاحب نے کہا ہے۔ میرے خیال میں پہلے اس clause کو delete کرا دیں۔ باقی جہاں تک FATA کی بات ہے بیشک آپ کر لیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی زندگی دے۔ آپ ایوان کو preside بھی کریں گے۔ اللہ تعالیٰ ڈپٹی چیئرمین کو بھی لمبی زندگی دے وہ بھی آئے، بس اللہ سے دعا یہ کریں کہ ایسی نوبت ہی نہ آئے۔ اس شق کو delete کریں اس کی ضرورت ہی نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: میں اس حوالے سے ایک ambiguity ختم کرنا چاہتا ہوں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب چیئرمین! کون سی emergency آ گئی ہے۔ آپ بھی نہ ہوں، ڈپٹی چیئرمین بھی نہ ہوں اور House بلایا جائے۔ یہ بڑی زیادتی ہے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ وزیر قانون صاحب۔ میں اس کو clarity دینا چاہتا ہوں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! اس میں مسئلہ یہ ہے کہ Rule 14 میں پڑھ دیتا ہوں اگر کسی کو تھوڑا سا ابہام ہے، ایک سیکنڈ سن لیں اچھی بات ہے۔ آپ کو Rule-14 کو as a

whole پڑھنا پڑے گا کیونکہ جب بل آتا ہے تو اس کے اوپر والا جو amendment نہیں ہو رہا اس کو ہم اس کا حصہ نہیں بناتے تھے۔ میں پڑھ دیتا ہوں۔ اگر House کو لگے کہ language درست ہے تو بسم اللہ، اگر لگے کہ clarity چاہیے تو clarity دے دیں گے۔ اب Rule-14 کو ہم نے as a whole entirety میں پڑھنا ہے

At the commencement of each session, the Chairman shall nominate, in order of precedence, from amongst the members a panel of not more than three Presiding Officers, and in absence of Chairman and the Deputy Chairman, the member having precedence among those present shall preside at the sitting.

جناب چیئرمین: بالکل۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! ہوگیا۔ آپ جب House Business Advisory کمیٹی کی میٹنگ اجلاس شروع ہونے سے پہلے ہوتی ہے آپ اس میں nominate panel کر دیتے ہیں۔ آپ نہ ہوں تو Deputy Chairman کر دیتے ہیں۔

Mr. Chairman: What about National Assembly?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: قومی اسمبلی میں بھی یہی ہے۔ وہ بھی ... panel of

جناب چیئرمین: نہیں، نہیں وہ بھی اگر Speaker نہیں ہوگا تو Deputy Speaker ہوگا۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! یہی ہے نا۔ وہ تو پوری scheme میں لکھا ہوا ہے۔ جب Deputy Speaker کے عہدے کے بارے میں لکھا گیا، کہا گیا کہ shall act as Chairman, in the absence تو آپ کے اختیارات Deputy Speaker کو اس طرح۔

جناب چیئرمین: دیکھیں، میں آپ کو ایک وضاحت دینا چاہتا ہوں۔ اگر President موجود نہ ہو Chairman has already taken oath and he will be the President. اگر وہ بھی نہ ہوں تو Speaker will be the President.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! جی ، ایسے ہی ہے۔ اگر Speaker نہ ہوں تو Chief Justice ہوتے ہیں۔

جناب چیئرمین: مگر I have been the Prime Minister اس کا کوئی acting نہیں ہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! وہ اس لیے نہیں ہیں کہ جو اس میں wisdom ہے کہ جو constitutional offices ہیں وہ seal کے اندر ہوتے ہیں sovereignty is reflected by the office of President, Governors اسی طرح custodians of the House Speaker, Chairman Senate ہیں جو Executive کی Cabinet as a whole collectively responsible ہوتی ہے۔ اسی لیے جو executive کے offices ہیں constitution کے علاوہ ان offices کی oath کی requirement نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! اب ہم یہ provision اکٹھے پڑھیں گے تو ابہام دور ہو جائیں گے۔ ڈال دیں لیکن جب آپ clause14(1) پڑھتے ہیں۔ جی جناب! ڈال دیں کوئی اس میں دوسری رائے نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: آپ ڈال دیں، مگر اس میں یہ ہو with the consent of the Chairman and the Deputy Chairman.

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! چیئرمین آگیا ہے۔

جناب چیئرمین: یہ لکھ دیں۔ ٹھیک ہے۔

**Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui**

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: جناب چیئرمین! میں کچھ کہنا چاہتا ہوں۔ علی ظفر صاحب کے بھرپور احترام کے باوجود یہ سارا دن ماشاءاللہ وکالت بھی کرتے ہیں، یہاں دو لفظ استعمال ہوئے ہیں، ایک ہے announce اور ایک ہے nominate ایک آدمی announce کر رہا ہے اس کو nomination کا کوئی اختیار نہیں۔ so nominated کا مطلب یہ ہے کہ nominate

کرنے والی authority کوئی اور ہے۔ نہیں، میری گزارش سن لیں نا۔ میں آپ کو آپ کی زبان میں جواب اس لیے دے رہا ہوں کہ جو میں سمجھا ہوں وہ یہ ہے کہ یہ جو Secretary صاحب ہیں he can't nominate anyone, he can just announce کس کو announce کرے گا؟ So nominated by the Chairman, so it is clear, but even then I respect your views، اور اگر آپ amendment لانا چاہتے ہیں تو.I have no objection, thank you.

سینیٹر سید علی ظفر: It is a difference between conviction and non-conviction, interpretation کا اتنا clarity کے ساتھ آنا بہت اہم ہے its constitutional provision that we are amending in terms of Senate تو اگر clarification آ جائے اور آپ agree ہوں تو I think, we are fine.

جناب چیئرمین: جی۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں clear کر دیتا ہوں۔ ایک clause-1 آئے گا In proviso, after the words "so nominated", the words "by the Chairman or Deputy Chairman" be substituted اس میں اکیلا Chairman بھی add کر دیں گے تو۔۔

جناب چیئرمین: اس میں بلکہ میں اور ترمیم کرتا ہوں by the Chairman and the Acting Chairman. Because in the absence of the Chairman would be the Acting Chairman.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب وہ اس لیے ہے، میرا تو خیال ہے کہ صرف چیئرمین ہونا چاہیے، ڈپٹی چیئرمین نہیں ہونا چاہیے اس لیے نہیں ہونا چاہیے کہ چیئرمین جب جائیں گے تو ڈپٹی چیئرمین automatically چیئرمین ہو گا۔ Only Chairman اس لیے کہ جب چیئرمین نہیں ہوں گے تو ڈپٹی چیئرمین نے automatically چیئرمین ہو جانا ہے۔

جناب چیئرمین: پہلے amendments پڑھ لیں۔ I now put the motion before the House as amended.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui, may move Order No.42.

Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui: I, Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui move that the proposed amendments in Rules 14, 15, 16, 94, 96, 171 and 172F of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, be adopted.

Mr. Chairman: Now I put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The proposed amendments as reported by the Committee are adopted.

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جناب مجھے صرف یہ پوچھنا تھا کہ Rule 171 تو ہے لیکن 172 کدھر سے آیا اگر ہمیں یہ بتا دیا جائے کیونکہ یہ Rule تو ہے ہی نہیں۔ یا یہ کوئی amended rule ہے؟ تھوڑا سمجھا دیا جائے۔

جناب چیئرمین: آپ کس کی بات کر رہے ہیں۔

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جو ابھی آپ نے Rules pass کیے ہیں۔

جناب چیئرمین: وزیر قانون صاحب ابھی جو بات ہوئی ہے اس بارے میں سینیٹر صاحب کچھ پوچھ رہے ہیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! Rule 172A ہے اس کے بعد 172B ہے پھر 172C اور پھر 172D ہے، یہ 172F تک چلتا ہے پھر 173 آتا ہے۔

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: جناب چیئرمین! میرا خیال ہے اب اگر pass ہو گیا ہے، آپ نے از سرِ نو discussion شروع کرنی ہے۔ دیکھیں ذیشان صاحب، Bill pass ہو چکا ہے۔

جناب چیئرمین: Bill as amended pass ہو گیا ہے۔

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: ذیشان صاحب بعض کاپیاں ایسی ہیں جن کے نچلے حصے میں missing ہے اور پڑھا نہیں جاتا لیکن Rule میں جو ہم amendment کر رہے ہیں وہ یہ

ہے کہ بعض اوقات کسی قانون میں ترمیم لائی جاتی ہے، ترمیم تو ہمیں بتا دی جاتی ہے لیکن اصل قانون کیا ہے وہ نہیں بتایا جاتا ہے۔ ہم نے یہ کہا ہے کہ comparative statement ہونی چاہیے یعنی اصل قانون بھی لگایا جائے اور جو amendment اس میں آتی ہے وہ بھی لگائی جائے،.this is the amendment

Mr. Chairman: Thank you. Order No.37. We now take-up Order No.37, Senator Mohsin Aziz, please move the motion.

**Motion under Rule 218 moved by Senator Mohsin Aziz regarding Overall Performance of the Competition Commission of Pakistan**

Senator Mohsin Aziz: I, Senator Mohsin Aziz move that the House may discuss the overall performance of the Competition Commission of Pakistan with particular reference to its failure to create a business environment based on healthy competition for improving economic efficiency, developing competitiveness and protecting consumers from price-hike in the country.

بہت شکریہ جناب چیئرمین! دنیا کے مختلف ممالک میں ان کی economy کو strengthen کرنے کے لیے مختلف نظام ہیں جو دنیا میں چلتے رہے ہیں یا چل رہے ہیں۔ اس میں ایک communism ہے، دوسرا socialism ہے، liberalism یا جسے free economy کہتے ہیں وہ تیسرا ہے، پھر authoritarian capitalism ایک علیحدہ چیز ہے اور mixed economy جیسا کہ پاکستان میں ہے وہ بھی چلتی ہے۔ ہر نظام کی اپنی اپنی خوبیاں ہیں، liberal economy کی اپنی خوبیاں اور خرابیاں ہیں لیکن انہیں challenge کیا جاتا ہے۔

اب اگر آپ پاکستان میں دیکھیں تو یہاں یہ سمجھا جاتا ہے کہ یہاں liberal or free economy ہے یا mixed economy اس لیے ہے کیونکہ کہیں state owned enterprises بھی اس ملک میں کام کر رہے ہیں، بہرحال ہر نظام کا main objective

یہی ہوتا ہے کہ investment لائی جائے، trade بہتر کیا جائے، industry کو فروغ دیا جائے، investor کو protect کیا جائے اور ساتھ ہی ساتھ ملک کی ترقی میں employment لائی جائے، اسی کے ذریعے GDP growth آتی ہے، اسی کے ذریعے مختلف improvements آتی ہیں، exports میں improvements آتی ہیں، import substitution آتی ہے اور employment وغیرہ آتی ہے، so on and so forth لیکن اس کا لازمی جزو consumer protection ہوتا ہے۔ Consumer protection میں اس کی price protection کی بات ہوتی ہے، quality protection کی بات ہوتی ہے، availability of that product کی بات ہوتی ہے، ان تمام چیزوں کو اس لیے سامنے رکھا جاتا ہے کہ consumer لاوارث یا بے یارومددگار نہ رہے، اس کو نہیں چھوڑا جاتا کیونکہ consumer protection بہت ضروری چیز ہے اور میں سمجھتا ہوں یہی ایک free economy کا ستون ہے۔

یہاں پر جو cartels or monopolies ہوتی ہیں ان کو مار دیا جاتا ہے یا انہیں control کیا جاتا ہے، ان کے ساتھ سختی سے نمٹا جاتا ہے۔ So much so, اگر آپ دیکھیں اور insider trading کی بات کی جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ دنیا میں ایسے ممالک بھی موجود ہیں جو اسے قتل سے بھی زیادہ سنگین جرم سمجھتے ہیں کیونکہ قتل میں تو ایک انسان کا قتل ہوتا ہے، اس میں پوری انسانیت اور society کا قتل ہو جاتا ہے اس لیے اس کی سخت سے سخت سزا رکھی جاتی ہے اور سخت سے سخت کنٹرول رکھا جاتا ہے۔

اگر ہم پاکستان کا اس سے موازنہ کریں تو آپ دیکھیں گے کہ ہم نے free economy کے systems adopt کر لیے ہیں لیکن اس میں جو key links ہوتے ہیں وہ ہم miss کر جاتے ہیں۔ جب ہم وہ miss کر جاتے ہیں تو پھر نہ ہم ادھر کے رہتے ہیں اور نہ ادھر کے رہتے ہیں اور main systems خراب ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ Western or advanced economies کی بات کریں تو ہم انہیں follow ضرور کرتے ہیں لیکن ہم جو link miss کرتے ہیں وہی ہماری خرابی کی جڑ بن جاتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جب Western economy والے اللہ تعالیٰ کے پاس جائیں گے تو ان کے ہاں حقوق العباد ہم سے کہیں زیادہ

quality چاہے ،consumer ہو ، environment چاہے وہ ،adopt ہوتے ہیں
or price یا مختلف چیزیں ہوں، وہ زیادہ خیال رکھتے ہیں کیونکہ یہی ایک چیز ہے جو ایک انسان کو انسان بناتی ہے۔

ہمارے business کا جو شعبہ ہے یہ بہت pious شعبہ ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ نبیوں کا شعبہ رہا ہے لیکن اس کے لیے fair play بہت ضروری ہوتا ہے۔ پاکستان میں اگر آپ دیکھیں تو یہ سسٹم اس وقت fail ہو چکا ہے۔ آپ سیمنٹ کی مثال لیں، آپ ان کی balance sheet اٹھا کر دیکھیں ، surveys اٹھا کر دیکھیں ، آج وہ cartelism میں آئے ہوئے ہیں، آپ ان کی balance sheet اور production کو دیکھ لیں، وہ اپنی production 50% پر لے آئے ہیں۔ They put their plants to stall, they don't operate, but they raised the price. اب جب price rise ہوتی ہے تو وہ آپ کی تمام consumer and construction industry کو تباہ کر دیتی ہے۔ آپ کسی بھی company کو دیکھ لیں ایک exception نہیں ہے بلکہ اگر کوئی اس میں investment بھی کرنا چاہتا ہے تو وہ یہ سوچ کر investment کرتا ہے کہ whether I be a part of that cartel or not, whether they will accept me in that cartel or not, if he is accepted, that will be a win win situation تو یہاں ہماری consumer protection کہاں ہے اور کیوں نہیں ہے؟

اسی طریقے سے اگر آپ sugar industry کی مثال لیں، آج sugar industry میں جو crisis آیا ہے اور فی کلو قیمت 200 روپے کو cross کر گئی ہے، اس کی کیا وجوہات ہیں، اس کو کس نے control کیا؟ یہ کیوں control نہیں ہوئی؟ یہ کیسے اور کیوں export ہوئی؟ گنے کی کیا قیمت دی گئی اور آج consumer کو چینی اتنی مہنگی کیوں مل رہی ہے؟ غریب کی خوراک کو اس سے چھین لیا گیا ہے۔ آج car manufacturers کی مثال لیں، ویسے تو وہ car manufacturers نہیں ہیں، وہ car assemblers ہیں، اس کے متعلق PAC میں بھی کئی مرتبہ discussion ہوئی۔

(اس موقع پر جناب ڈپٹی چیئرمین (سینیٹر سیدال خان) کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

سینیٹر محسن عزیز: جناب والا! آپ سوچ لیں، دیکھ لیں، پڑھ لیں کہ ہمارے پڑوسی ممالک میں گاڑیوں کی قیمتیں with the better quality, with the better performance کیا ہے اور پاکستان میں قیمتیں کیا ہیں؟ اس لیے consumers کو ہر جگہ fleece کیا جاتا ہے۔ آپ power sector کو دیکھیں، IPPs کے plants کس قیمت پر لگے، کس طرح لگے، کیوں اور کیسے لگے؟ کسی نے نہیں دیکھا، اس میں consumers کو protect نہیں کیا گیا، آج ہم اُس کا خمیازہ بھگت رہے ہیں کہ ایک طرف اگر بجلی استعمال کریں تو استعمال کے قابل نہیں ہیں کیونکہ اس کی قیمت ادا کرنے کی ہماری سکت باقی نہیں رہی ہے۔ آپ poultry کی مثال لے لیں۔

جناب چیئرمین! آپ اس طرح کے کئی sectors کی اگر مثال لیں تو we have failed as a nation and Competition Commission of Pakistan has failed. The Competition Commission of Pakistan is a toothless body at the federal level because آپ دیکھیں کہ کئی مرتبہ اس کا چیئرمین نہیں ہوتا۔ It is a very important tool لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ اس کا چیئرمین کئی کئی مہینے نہیں ہوتا۔ اسی طرح Commission نے جو fines لگائے ہیں، وہ implement نہیں ہوئے اور میرے خیال میں انہوں نے پچھلے سال صرف دس کروڑ روپے وصول کیے ہیں۔ ان کے 74 billion rupees کے لگائے گئے fines courts میں پڑے ہوئے ہیں، سپریم کورٹ میں پچھلے آٹھ، دس سالوں سے دو سو سے زیادہ مقدمات پڑے ہوئے ہیں، ہائیکورٹ میں ڈیڑھ سو مقدمات پڑے ہوئے ہیں، tribunal میں ایک سو ستر مقدمات پڑے ہوئے ہیں۔ اس لیے میری گزارش ہے کہ یا تو اس body کو فعال کیا جائے، اس کو مضبوط کیا جائے، اس کو toothless body نہ بنایا جائے، اس کو one of the pillars بنایا جائے یا پھر اس کو بند کر دیا جائے۔ یہاں consumer rights and protection کی کوئی بات نہیں کرتا، صرف اور صرف investor کی بات ہوتی ہے، investor کی بات ضرور ہونی چاہیے، اس ملک میں investment آنی چاہیے، یہ اس ملک کی ضرورت ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ چاہے local investor آئے یا foreign investor آئے، دونوں کی ضرورت ہے لیکن at the same time عوام اور consumers کی protection

بہت ضروری ہے۔ اس ادارے کو پہلے Monopoly Control Authority کہا جاتا تھا، آج اسے Competition Commission of Pakistan کہا جاتا ہے لیکن یہ body کام کرنے سے قاصر ہے۔ اس کی جو بھی وجوہات ہیں، اگر اس کے لیے کوئی legislation کرنی ہے یا اسے کہیں اور لے کر جانا ہے، اگر آپ ضروری سمجھیں تو اسے آپ کمیٹی کے حوالے بھی کر سکتے ہیں جہاں اس پر threadbare discussion کی جائے اور نہ صرف consumers کے rights کو protect کیا جائے بلکہ investor کے rights کو بھی project کیا جائے، دونوں طرف ایک fair and just play ہو تاکہ پاکستان اسی قدموں پر آگے چلے جو مستقبل کے لیے ضروری ہے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر علی ظفر صاحب۔

سینیٹر سید علی ظفر: جناب چیئرمین! آپ کی توجہ پاکستان کے ایک ایسے مسئلے کی طرف مبذول کروائی جا رہی ہے جو عوامی نوعیت کا مسئلہ ہے اور وہ petroleum products کی بڑھتی ہوئی قیمتیں ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ اس motion کے حوالے سے بات کریں۔

**<u>Senator Syed Ali Zafar</u>**

سینیٹر سید علی ظفر: جی میں اسی کے حوالے سے بات کر رہا ہوں۔ Competition Commission of Pakistan کا معاملہ ان تینوں چیزوں میں آئے گا اور میں وزیر خزانہ سے ان کے جوابات مانگوں گا۔ اس کے ساتھ ساتھ چینی کا حکومتی scandal, ایسی چیزیں ہیں جنہوں نے عام آدمی کی زندگی اجیرن کر دی ہے۔ ہمارا کسان، ہمارا سفید پوش آدمی، ہمارا retired ملازم، ہمارا چھوٹا تاجر، یہ سب شدید معاشی بحران کا شکار ہیں، اس پر petroleum and electricity کی قیمتیں اور اس کے ساتھ اب چینی کی قیمت، یہ ایک طرح سے مہنگائی کی آگ پر تیل ڈالنے کا کام کر رہے ہیں۔ جناب والا! ہر ہفتے petroleum کی قیمت میں اضافہ ہو جاتا ہے اور fuel adjustment کے نام پر ہر مہینے bill دے دیا جاتا ہے، بجلی کا bill بھی آسمانوں کو چھو رہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ حکومت کے اندر موجود sugar mafia چینی کی قیمت بڑھا کر عوام کا

گلہ کاٹ رہی ہے۔ اس motion میں Competition Commission کی جو بات کر رہے ہیں، یہی چیزیں ہیں جو Competition Commission نے دیکھنی ہیں۔

جناب والا! یہ بات سمجھنے کی ضرورت ہے کہ پٹرول کی قیمت سے صرف گاڑی چلانا ہی مہنگا نہیں ہو جاتا، ضروریات زندگی کی ہر چیز کی قیمت بڑھ جاتی ہے، چاہے وہ transport ہو، چاہے وہ اشیائے خوردونوش ہوں، چاہے وہ کھاد ہو، چاہے ادویات ہوں، جب پٹرول مہنگا ہوتا ہے تو ہر چیز مہنگی ہو جاتی ہے۔ جب عام آدمی کے پاس بجلی کا bill آتا ہے تو وہ پریشان ہو جاتا ہے، وہ قرض لے کر bill ادا کرتا ہے اور پھر وہ پورا مہینہ اگلے bill کے لیے صدمے میں رہتا ہے۔ ان چیزوں کو دیکھنا Competition Commission کا کام ہے۔ میں وزیر خزانہ صاحب سے بالکل پوچھوں گا کہ کیا یہی حکومت تھی، اس حکومت کا یہی وعدہ تھا جب ہماری حکومت ہٹائی گئی تھی، کیا اس مہنگائی کے بوجھ کو ڈالنے کے لیے آپ آئے تھے؟ آپ IMF کے معاہدے پر بات کرتے ہیں، اس مد میں یہ قیمتیں کیوں بڑھائے جا رہے ہیں، میں اس کا جواب چاہوں گا۔ NEPRA and OGRA جو Competition Commission کی allied organizations ہیں، یہ حکومت کی statutory bodies ہیں، وہ کدھر ہیں اور کیوں خاموش ہیں؟ میں یہ سوال پوچھوں گا۔ حکومت نے متبادل توانائی اور مقامی وسائل کے حوالے سے کیا بندوبست کیا ہے، میں اس کا جواب آپ سے پوچھوں گا۔

جناب والا! ہم چینی کی قیمت کی بات کرتے ہیں، اس وقت مارکیٹ میں دو سو روپے سے کم قیمت نہیں ہے جبکہ آپ عالمی منڈی کو دیکھیں تو وہاں ایک سو چار روپے ہے تو چھ سو ارب روپے کا burden عام عوام پر ڈالا جا رہا ہے۔ اس کی وجہ صاف ظاہر ہے، میں ان سے پوچھوں گا اور میں آپ کو وجہ بتاتا ہوں کہ وہ کیا ہے۔ جناب! وجہ یہ ہے کہ sugar mafia حکومت کے اندر موجود ہے، sugar mafia نے حکومت کو قابو کیا ہوا ہے۔ میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ یہ حکومت اس کی پوری گرفت میں ہے اور حکومت اس وقت صرف sugar mafia کو منافع دینے کے لیے ہے۔ حکومت قوم سے پیسا لے کر sugar mafia کو امیر کر رہی ہے۔ یہ position ہے، اس لیے میں آپ سے درخواست کروں گا، میں نے پچھلی مرتبہ بھی درخواست کی تھی، ایک پارلیمانی کمیٹی بنائیں، کمیٹی تحقیقات کرے اور معلوم کرے کہ sugar mafia کا کیا اثر ورسوخ ہے اور اس کی

حکومت کے ساتھ کیا ملی بھگت ہے؟ میں اپنے تمام دوستوں کی طرف سے یہ demand کرتا ہوں، اس میں سب صاف شفاف پتا چل جائے گا کہ کون اس میں involved ہے کیونکہ یہ ایسی چیز نہیں ہے جسے Senate of Pakistan ignore کر سکتا ہے۔ میں وزیر خزانہ سے درخواست کروں گا کہ چینی کی قیمت میں شفافیت لانے کے لیے انہوں نے کیا اقدامات کیے ہیں؟ اور specially import and export کا سب کو معلوم ہے کہ کب ہونی چاہیے اور کب نہیں ہونی چاہیے۔ اس میں کیوں غلطیاں ہوئیں جب کہ بہت سارے commissions کی reports already حکومت کے پاس موجود تھیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین! میں یہ بھی مطالبہ کروں گا کہ چوری میں جو بھی ملوث ہے، hoarding میں جو بھی ملوث ہے۔ Sugar کے معاملے میں جو بھی ملوث ہے اس crisis کے لیے اس کے خلاف تحقیقات کریں اور 14 days کے اندر اندر action لیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جی۔

سینیٹر سید علی ظفر: جناب ڈپٹی چیئرمین! آخری بات میں یہ کروں گا کہ یہ جو میں نے تینوں درخواستیں کی ہیں چودہ دن کے اندر اندر بلکہ میں تو ہفتہ کہوں گا لیکن چلیں چودہ دن کے اندر اندر اس کے جواب میں سینیٹ میں report داخل کریں۔ یہ صرف ہوائی باتیں نہ کریں اس پر report دیں کیونکہ sugar mafia جو موجود ہے اس کو میں نے expose کرنا ہی کرنا ہے جو حکومت کے اندر موجود ہے۔ یہ میری درخواست ہے۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر دنیش کمار۔ تھوڑا سا مختصر کر لیں تاکہ باقی ممبرز بھی بات کر لیں۔

**Senator Danesh Kumar**

سینیٹر دنیش کمار: جناب ڈپٹی چیئرمین! جی جی مختصر بات ہی کروں گا۔ آج سینیٹر محسن عزیز جو motion لے کر آئے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ یہ وقت کی ضرورت تھی۔ میں ان کا شکر گزار ہوں۔ ہمارے پاس ادارے تو ہیں مگر ان اداروں کی کارکردگی بالکل zero ہے، مہنگائی عروج پر ہے اور ہمارے پاس جتنے بھی صارفین ہیں جس طرح سے کہا جاتا ہے کہ consumer price control ہے یا competition corporations وغیرہ، ان کی کارکردگی zero ہے اور

مافیا اتنی طاقت ور ہے کہ باقاعدگی سے وہ cartel بنا کر پاکستان کی عوام کے ساتھ لوٹ مار کر رہی ہے۔ ہم نے جب بھی پہلے یہ بات کی ہے کہ مہنگائی عروج پر ہے۔ حکومت کا اس پر کسی قسم کا کوئی action نہیں آیا۔ کہا جاتا ہے کہ یہ 18th Amendment کے بعد صوبوں میں چلی گئی ہے۔ ہم یہاں بیٹھے ہوئے، میں ایک بد تمیزانہ لفظ بولوں گا کہ یہاں بیٹھ کر ہم جھک مار رہے ہیں۔ ہم لوگوں کے مسئلے مسائل حل نہ کریں؟

میں حیران ہوں کہ ہماری ناک کے نیچے اسلام آباد میں مہنگائی کا حشر دیکھیں، باقاعدہ cartel بنا ہوا ہے۔ چینی فروخت کرنی ہے تو شوگر مافیا بنا ہوا ہے۔ اسی طرح سے مرغی مافیا ہے، فروٹ مافیا ہے۔ حکومت کی طرف سے کیا ہوتا ہے، منسٹر صاحب سنیں۔ حکومت کی طرف سے ایک rate list جاری کر دی جاتی ہے کہ اس rate پر لوگوں کو راشن دیا جائے گا، دیگر چیزیں بھی مہیا کی جائیں گی۔ اس rate پر بھی عمل نہیں ہوتا کچھ بھی نہیں ہوتا۔ وہ کیوں نہیں ہوتا کہ جو کالی بھیڑیں ہیں جو ان پر implement کرا رہے ہیں وہ اپنی جیب بھر رہے ہیں اور ان کو یہ پرواہ نہیں ہے کہ غریبوں کے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ اتنا بڑا گناہ کر رہے ہیں کہ اپنی جیب بھرنے کے لیے لوگوں کی جیب کاٹ رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین! بلوچستان ہے، میں آپ کو ایک چھوٹی سی مثال دیتا ہوں آپ کوئٹہ جاتے ہیں Fly Jinnah ہے۔ اسلام آباد سے کوئٹہ 60,000 روپے کی one way ticket ہے، جب کہ اسلام آباد سے دبئی کی ticket 30,000 روپے کی ہے۔ وہ کیوں؟ کیونکہ دبئی کے لیے دس بارہ flights ہیں ان کا آپس میں مقابلہ ہے جس کی وجہ سے صارفین کو جو لوگ جاتے ہیں ان کو فائدہ مل جاتا ہے اور بلوچستان کا return ticket 120,000 روپے اور دبئی کی return ticket 60,000 روپے کی ہے۔ یہی وہ مافیا ہے۔ آپ دیکھیں کتنی private airlines ہیں ان کو باقاعدہ باضابطہ طور پر کہا گیا ہے کہ 5% operations ایسے علاقوں میں، بلوچستان کے areas میں ہوں گے۔ مگر وہ cartel کر کے صرف ایک flight کو allow کر رہے ہیں تاکہ ان کی جیبیں بھریں اور وہ اگر 5% نہیں چاہتے معمولی سا ایک جرمانہ دے کر بلوچستان کے عوام کا خون چوس رہے ہیں۔ اس پر ہم نے اگر action نہیں لیا تو میں آپ کو بتا دوں بلوچستان کے لوگ ہمارا گریبان پکڑیں گے اور پاکستان کے لوگ بھی ہمارا گریبان پکڑیں گے کہ ہم نے مہنگائی کے

خلاف ادارے بنائے ہوئے ہیں۔ ان کے خلاف اگر ہم نے کوئی action نہیں لیا اور ٹھنڈے air conditioned ماحول میں بیٹھ کر صرف تقاریر کرتے رہے۔ میں ابھی پیشین گوئی کر رہا ہوں ہماری تقاریر صرف تقاریر رہیں گی اس پر کوئی بھی action نہیں ہوگا اور عوام اسی طرح در بدر خوار ہوتی رہے گی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جی۔ مولانا عبدالواسع صاحب۔

**Senator Abdul Wasay**

سینیٹر عبدالواسع: جناب ڈپٹی چیئرمین! بہت شکریہ۔ میری گزارش یہ ہے کہ جو محسن صاحب motion لے کر آئے ہیں مہنگائی کے حوالے سے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر مہنگائی پر بات شروع ہو جاتی ہے اور تفصیلی بات شروع ہو جاتی اور بات ہونی بھی چاہیے۔ پاکستان میں ایسی کون سی چیز ہے جو ہمارے لیے قابل اطمینان ہو کہ ہم اس پر اطمینان کا اظہار کر لیں کہ یہ سستا ہے اور ہمارے معیار کے مطابق ہے۔ میں لمبی بات نہیں کرنا چاہ رہا کیونکہ شوگر کے حوالے سے علی ظفر صاحب نے بات کی اور اسی طرح دوسری چیزوں کو، ساری چیزوں کو اگر دیکھا جائے تو مہنگائی آسمان سے باتیں کر رہی ہے۔ میں سینیٹر دنیش کی بات کی طرف توجہ دلاؤں گا کیونکہ انہوں نے جو بات کی ہے اس بات کے حوالے سے۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: کیا ڈھونڈ رہے ہیں؟

سینیٹر عبدالواسع: سینیٹر دنیش نے جس بات کی طرف اشارہ کیا ہے کہ کوئٹہ کے حوالے سے، جناب ڈپٹی چیئرمین! آپ بھی بلوچستان سے تعلق رکھتے ہیں اور بلوچستان کی عوام کے ساتھ جو زیادتی اور ظلم ہو رہا ہے۔ مہنگائی اور باقی چیزیں تو ایک طرف ہیں لیکن سفر کے حوالے سے ایک طرف دہشت گرد بسوں کو target کر رہے ہیں اور لورالائی کے راستے پر بھی، ڈیرہ اسماعیل خان کے راستے پر بھی، کراچی کے راستے پر بھی۔ ہمارے جو بھائی پنجاب سے تعلق رکھنے والے یا دوسرے صوبوں سے تعلق رکھنے والے یا عام مسافر جو ہیں۔ وہ ان دہشت گردوں کی وجہ سے بسوں میں نہیں جا سکتے ہیں اور جب بس میں نہیں جا سکتے تو ticket کراتے ہیں لیکن flight والے جو ہیں، Fly Jinnah ہو

یاPIAہو یا جو بھی ہو وہ ساٹھ ہزار، ستر ہزار، ایک لاکھ تک میں نے سنا ہے کہ ایک لاکھ تک کوئٹہ کا ticketہوا ہے۔

ایک طرف دہشت گرد دوسری طرف حکومت، تو کیا یہ دونوں ایک دوسرے کے ساتھ ملے ہوئے ہیں کہ دہشت گرد وہاں لوگوں کو تنگ کرکے اور یہاں ان کی جیب گرم ہو جاتی ہے۔ جناب ڈپٹی چیئرمین! اس بات کا noticeلیا جائے۔ اس پر پوری طرح سے اقدام کیا جائے اگر وہ کہتے ہیں کہ وہاں جہاز کم ہیں تو جہازوں کی تعداد بڑھائی جائے کیونکہ جب passengerان کو مل رہے ہیں تو جہاز زیادہ کیے جائیں اور بجائے اس کے کہ لوگوں کو تنگ کرکے، حیران ہو جاتے ہیں کہ بے چارہ بس میں بھی نہیں جا سکتا ہے، by road بھی سفر نہیں کر سکتا اور جہاز کی استطاعت بھی نہیں رکھتے ہیں۔ اس حوالے سے سخت noticeلیا جائے اور یہ بہت بڑا مسئلہ ہے بلوچستان کی عوام کے لیے اور بد قسمتی سے ہماری حکومت اس طرح کے اقدامات کرتی ہے۔ جب دہشت گرد وہاں معدنیات، کوئلہ وغیرہ ان کی گاڑیوں کو نہیں چھوڑتے ہیں، وہ ان لوگوں کو مارتے ہیں۔ دوسری طرف حکومت بھی ان کی allotmentوغیرہ شروع کرتی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ بلوچستان میں تمام اقدامات خدا نہ کرے ہم نہیں کہتے کہ دہشت گرد۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جو Motion محسن عزیز صاحب نے moveکیا ہے اس کے حوالے سے بات کریں۔

سینیٹر عبدالواسع: Actionلیا جائے بلوچستان کے ticketsکے حوالے سے۔

Mr. Deputy Chairman: Finance Minister please.

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ نے کرنا ہے، آپ کے پارلیمانی لیڈر نے، جی جی۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: اب وہ دو دفعہ اٹھ گئے ہیں پھر ان کو دوبارہ بٹھانا پڑے گا۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: 1,2,3 لکھا ہوا ہے۔ سیف اللہ صاحب آپ اپنے جذبات control میں رکھیں۔ آپ اس طرح Chair کو pressurize کرکے وقت نہیں لے سکتے۔ جی وزیر خزانہ صاحب۔

**Senator Muhammad Aurangzeb (Minister for Finance and Revenue)**

سینیٹر محمد اورنگزیب (وزیر برائے خزانہ): سینیٹر محسن عزیز نے جو motion پیش کیا ہے میں بیشتر گفتگو اس کے سلسلے میں کروں گا because that is the motion which is under consideration.

تو محسن عزیز صاحب نے جو بات کی ہے، جو principles کی بات کی ہے I fully agree with that کیونکہ جب آپ کی ایک market led economy ہو، market based economy ہو اس میں regulatory regime کا جو impact ہے وہ بہت important ہے کہ جو supply demand driven economy ہے تو اس میں انہوں نے ذکر کیا consumer protection کا، اس میں انہوں نے ذکر کیا insider trading کا whether it is the competition commission of Pakistan, whether it is the securities and exchange commission, whether it is the state bank of Pakistan جو اپنے different regulatory regimes میں کام کرتے ہیں۔ تو جن principles کی محسن عزیز صاحب نے بات کی ہے ان کے ساتھ میں پوری طرح سے متفق ہوں۔ میں اس لئے بھی متفق ہوں because I am very clear that the private sector has to lead this country and if the private sector has to lead this country they cannot be left alone without proper regulations because یہ دونوں چیزیں ساتھ ساتھ چلتی ہیں۔ Private Sector نے بھی اس ملک کو آگے لے کر جانا ہے لیکن ان پر جو regimes ہیں اور ان پر جو checks and balances ہیں those also have to be there in place at the same time. اب جو سوال پوچھا گیا اور سینیٹر صاحب کی طرف سے جو motion move کیا

گیا۔تو میں اس کا صرف یہ مختصر جواب دینا چاہوں گا کہ پچھلے آگست 2023 میں نئی Management came into place اور اس کے بعد اب تقریبا جولائی کے آخر میں کھڑے ہیں تو تقریبا دو سال کا عرصہ گزر چکا ہے۔ So since the time that the new management has come in اور ابھی میں سینیٹر سلیم مانڈوی والا صاحب سے بھی بات کر رہا تھا کہ I think it will be important اکہ جو نئے Chairman ہیں CCP کے ان کو مدعو کیا جائے اور جو سینیٹ کی Finance Committee ہے اس میں ان سے ایک detailed report مانگی جائے اور وہ آپ کو ایک مفصل report بھی دیں گے in terms of what has happened over the last two years. لیکن میں مختصر بیان کرنا چاہوں گا کہ جب سے یہ نئی management آئی ہے تو ایک بہت بڑا backlog تھا۔ 567 Court cases جس کی ابھی جو نشاندہی بھی کی گئی because quorum absent تھا لیکن over the last two years the CCP has succeeded and conducted 224 cases in the last two years. تقریبا پچاس فیصد کا backlog جو ہے وہ complete کیا گیا ہے اور more importantly 120 million تقریبا بارہ کروڑ روپے recover کیا گیا ہے since august 2023, So, that's one. The second one is enforcement actions and sectoral inquiries. جب سے یہ streamline کی گئی ہے internal hearing processes تو 11 major enforcement orders already issue ہو چکے ہیں اور 12 مزید فیصلے pipeline میں ہیں۔

جہاں تک cartels and trade abuse department کا تعلق ہے، انہوں نے 20 inquiries in key sectors complete کر لی ہیں such as essential commodities power, transport and fertilizer اور جو office of air trade ہے انہوں نے 13 inquiries complete کر لی ہیں into deceptive market practices یہ خاص طور پر ہیں in the construction, pharmaceuticals and education area اور اب یہ public hearing

اور جو market distortions کیے جا رہے ہیں تا کہ and policy notes issue consumer mis-information کی بات کی گئی ہے ان کو address کیا جائے۔

تیسری چیز یہ ہے کہ جو پہلے نہیں تھا کہ market intelligence and center of excellence on competition research has been formed کیونکہ دیکھیں ایک چیز ہے کہ آپ کو کسی نے complaint کی۔ اس complaint کی basis پر آپ آگے کیسے لے کر چلیں لیکن آج کل AI data led discussions, یہ ہے وہ زمانہ کہ ہمارے پاس جو data available ہے and as everyone says data is the new oil اب اس کی data mining کیسے کی جائے اور اس میں سے جو trends آرہے ہیں ان کو ہم کیسے آگے لے کر چلیں تو اکتوبر 2023 سے یہ جو market intelligence unit ہے انہوں نے جو different patterns کو دیکھا ہے تو ان میں سے 170 cases involving potential anti-competitive behavior across 28 sectors because the competition commission if it has to be effective, it has to be proactive, not only you know, get into a reactive mode کہ جب کوئی complaint آئے اور اس پر Real Estate, Telecom, Banking and E-Commerce بھی ہے۔ اب AI led models کے ذریعے ہم اس کو آگے لے کر جا رہے ہیں because that is the future اگر ہم نے if we want to make a real effort in this space than it has to be AI led اور اس پر بہت focus ہے۔

نمبر چار mergers and acquisition ہے اور اس area میں تقریباً 117 phase one orders process ہو چکے ہیں which has facilitated close to about 30 billion rupees in foreign direct investment اور جو exemption department ہے انہوں نے 83 exemptions دی ہیں to support pro-competitive business arrangements خاص طور پر Pharma, energy, banking and logistics.

بس میں یہ کچھ گزارشات کرنا چاہتا ہوں اس سلسلے میں لیکن میری request یہ ہو گی۔ میں نے ابھی request کی ہے Chairman Senate Finance Committee سے کہ محسن عزیز صاحب نئے Chairman کو آپ موقع دیں کہ وہ آئیں اور Committee کو بڑی detail میں presentation دیں because I do think CCP has come a long way from where they were and more importantly where they are headed اب جو باقی گفتگو ہوئی ہے اس کا quite frankly motion سے کوئی خاص تعلق نہیں ہے کہ inflation کا کیا ہوا اور inflation دیکھیں ہم نے Budget کے دوران اس پر بڑے مفصل طریقے سے بات کی کہ 38 فیصد تھی اور اب یہ inflation کہاں پہنچ چکی ہے اور اس کی وجہ سے policy rate جو نیچے آیا ہے، جو markup rate نیچے آیا ہے اور اس میں جو institutional mechanisms ہیں National Price Monitoring اور ECC, which I Chair Committee جو احسن اقبال صاحب chair کرتے ہیں یہ ہمارا regular agenda item ہے کہ جہاں بھی قیمتیں اوپر نیچے جاتی ہیں ان کا ہم مکمل طور پر جائزہ لیں اور اب as you know these are provincial matters because that's where the administrative machinery comes in تو ہم اس میں چاہتے ہیں کہ جو صوبوں کے ساتھ مل کر جہاں بھی یہ کوئی ایسے arbitrage ہو رہا ہے اس کو address کیا جائے اور جہاں تک میرے بھائی علی ظفر صاحب نے بات کی ہے تو میں ان کو یہ بھی کہوں گا کہ جو ان کی administration میں ایک Committee or Commission بنا تھا different matters پر اس پر کیا follow up ہوا اگر وہ follow up ہو جاتا کہ export کیسے ہوئی اور import کیسے ہوئی تو پہلے تو I think it will be important کہ اس Session کو ہی اور اس forum کو یہی آ کر بتائیں کہ کیا follow up actions ہوئے on the basis of that inquiry committee and we can then take it forward and we are very committed جی کہ اب اس کو بالکل transparent اور شفافیت کے ساتھ ان شاء اللہ ہم آگے لے کر چلیں گے۔ بہت شکریہ جی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: تحریک پر بحث مکمل ہو چکی ہے۔ .No cross questions No. 38, Order سینیٹر عبدالشکور خان تحریک پیش کریں۔ شکور خان صاحب کا mic کھول دیں۔

سینیٹر عبدالشکور خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ ہاؤس کے تقدس کا بھی خیال رکھیں۔ایک motion پر بات مکمل ہو چکی ہے تو اس پر آپ پھر کس طرح بات کریں گے۔ جی شکور خان صاحب۔

**Motion under Rule 218 moved by Senator Abdul Shakoor Khan regarding lack of employment opportunities for the youth and the jobs quota allocated to the province under Aghaz-e-Haqooq-e-Balochistan Package**

سینیٹر عبدالشکور خان: میں سینیٹر عبدالشکور خان تحریک پیش کرتا ہوں کہ

"یہ ایوان بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے وفاقی وزارتوں، Divisions اور اداروں میں روزگار کے مواقع کی عدم دستیابی اور آغاز حقوق بلوچستان package کے تحت صوبے کو دی گئی گیارہ ہزار آسامیوں کے مستقبل کو زیر غور لائے۔"

جناب چیئرمین! "آغاز حقوق بلوچستان" 2010 میں پاکستان پیپلز پارٹی کی طرف سے بلوچستان کے مخدوش اور مخصوص حالات کو دیکھتے ہوئے یہ package دیا گیا۔ اس میں بہت سی چیزوں کے علاوہ گیارہ ہزار نوکریاں، بلوچستان کو وفاق کی جانب سے گیارہ ہزار نوکریوں کا وعدہ کیا گیا تھا لیکن ابھی تک وہ وعدہ 2010 سے وفا نہیں ہوا۔ ابھی 2025 چل رہا ہے۔ پندرہ سالوں سے مختلف حکومتیں آئیں اور مختلف حکومتوں نے تقریباً کوئی دس بارہ سو نوکریاں دیں۔ گیارہ ہزار نوکریاں ابھی تک مکمل نہیں ہوئیں۔ بلوچستان کے ساتھ بہت سے مسئلے ہوتے ہیں۔ جناب چیئرمین! ایک اور مسئلہ ایک اور فراڈ بلوچستان کے ساتھ کیا گیا۔ بلوچستان کا حصہ چھ فیصد کوٹہ مقرر کیا تھا وفاقی ملازمتوں میں تو ان گیارہ ہزار نوکریوں کو ان میں ڈال دیا گیا۔ یہ فراڈ ہوا بلوچستان کے ساتھ۔ 2020 میں سینیٹر عثمان خان کاکڑ شہید کی جانب سے یہ مسئلہ سینیٹ میں اٹھایا گیا اور اس پر ایک کمیٹی بنی۔ کمیٹی نے رپورٹ دی

کہ اس کو 6% میں ضم نہ کیا جائے۔ جناب چیئرمین! یہ اس کمیٹی کی رپورٹ ہے۔ اس میں یہ کہا گیا ہے کہ اس کو آپ 6% میں ضم نہ کریں۔ اس پر چیئرمین سینیٹ، صادق سنجرانی صاحب نے بھی ایکشن لیا اور اس پر ruling دی کہ ان نوکریوں کو، وفاق کی نوکریوں میں جو بلوچستان کا حصہ ہے، اسے اس 6% میں شامل نہ کیا جائے۔ میری گزارش یہ ہے کہ اس معاملے کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے تاکہ اس پر مزید کام ہو۔

جناب چیئرمین! ایک دوسرے مسئلے پر میں آپ کی توجہ چاہوں گا جو کہ انٹرنیشنل اسلامی یونیورسٹی میں میرٹ کی پامالی کے حوالے سے ہے۔ اس پر میں دو مرتبہ توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرچکا ہوں جس پر چیئرمین صاحب کے آفس سے مجھے کہا گیا کہ آپ اس کو سینیٹ فلور پر اٹھائیں اور اس کو کمیٹی میں بھجوائیں۔ للذا، میری گزارش یہ ہے کہ اس مسئلے کو آپ کمیٹی میں بھیج دیں۔ یہ انٹرنیشنل اسلامی یونیورسٹی کے حوالے سے ہے۔ میری دو گزارشات ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر دوست محمد خان۔

سینیٹر دوست محمد خان: جناب چیئرمین! سینیٹر عبدالشکور صاحب کی بات کو بڑھاتے ہوئے، میں بلوچستان کے لوگوں اور ان کے حقوق کے ساتھ 100% agree کرتا ہوں۔ بات یہ ہے کہ ورلڈ بینک نے جو figures دیے ہیں کہ پاکستان کے 45 فیصد لوگ below poverty lineزندگی گزار رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: عبدالشکور خان صاحب کا جو motion ہے، آپ اس حوالے سے بات کر رہے ہیں؟

سینیٹر دوست محمد خان: جی میں اسی حوالے سے بات کر رہا ہوں۔ یہ صرف عبدالشکور خان کا علاقہ نہیں ہے۔ میرا سابقہ فاٹا کا علاقہ ہے، اس میں ورلڈ بینک کی رپورٹ کے مطابق 86% لوگ غربت کی لکیر سے نیچے رہ رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس کے لیے آپ الگ motion لائیں تاکہ اس کو اگلی مرتبہ timeدیا جائے۔

سینیٹر دوست محمد خان: جناب! میری گزارش ہوگی کہ اگر یہ club together ہو جائے تو اچھا ہوگا۔ ہمارے لوگ غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں، اس لیے دہشت گردی پھیل رہی ہے۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر شہادت اعوان صاحب۔

سینیٹر شہادت اعوان: جناب چیئرمین! میں نے ایک important issue کی طرف آپ توجہ دلائی تھی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایک دو motions ہیں، یہ ختم ہو جائیں تو پھر ساری چیزوں پر بات کریں گے۔ شکریہ۔ سینیٹر ایمل ولی خان صاحب۔ سینیٹر دنیش کمار صاحب۔

**Senator Danesh Kumar**

سینیٹر دنیش کمار: جناب چیئرمین! بہت بہت شکریہ۔ میں سمجھتا ہوں کہ سینیٹر عبدالشکور صاحب بہت اچھی تحریک لائے ہیں۔ مجھے معلوم نہیں کہ کون سے منسٹر صاحب اس کا جواب دیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: پارلیمانی وزیر، طارق فضل چوہدری صاحب بیٹھے ہوئے ہیں۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب! جس طرح کہا گیا کہ بلوچستان کی 11 ہزار آسامیاں پاکستان پیپلز پارٹی کا تحفہ تھا، اس کے لیے ہم ان کے شکر گزار ہیں کہ حقوق بلوچستان کے حوالے سے انہوں نے 11 ہزار نوکریاں دی تھیں۔ جب ان کی حکومت گئی تو اس پر عمل درآمد رک گیا۔ چیئرمین صاحب! آپ کی توجہ چاہتا ہوں، بلوچستان کا مسئلہ ہے، بہت اہم ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب! آپ اپنی نشست پر تشریف رکھیں، ابھی سوال کریں۔ ابھی آپ کو time دوں گا۔ میں آپ کو بولنے کا موقع دوں گا، آپ بیٹھیں۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب! وفاق میں بلوچستان کے حوالے سے ہم نے کافی مرتبہ یہ توجہ مبذول کروائی ہے کہ بلوچستان کو وفاق کی جتنی بھی وزارتیں ہیں، جس میں ڈویژن ہیں یا ادارے ہیں، 6% کا کوٹہ دیا گیا ہے مگر وہ 6% بھی ابھی تک implement نہیں ہو رہا۔ بلوچستان کے حالات ایسے ہیں، وہاں پر بلوچستان میں جو ملک دشمن لوگ کام کر رہے ہیں، جو ملک دشمن وہاں کے

حالات خراب کرکے بیٹھے ہیں، وہ اس چیز کو cash کرتے ہیں کہ بلوچستان میں احساسِ محرومی ہے اور بلوچستان کو وفاق کسی کھاتے میں شمار نہیں کرتا۔ یقین مانیے میں وفاقی وزارتوں میں جاتا ہوں، یہ ہوش رُبا انکشاف ہے، میں بہت بڑا چشمہ لے کر گیا مگر مجھے بلوچستان کے افسر نظر نہیں آتے۔ وہ آٹے میں نمک کے برابر ہیں۔

بلوچستان کے جو افسران یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، افسران اپنی جگہ، جو low grade کے لوگ بلوچستان کے کوٹے پر بیٹھے ہوئے ہیں، ان کا تعلق بھی بلوچستان سے نہیں بلکہ وہ جعلی ڈومیسائل پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ ہم نے کئی مرتبہ رو رو کر فریادیں کی ہیں مگر اسلام آباد کی بیوروکریسی اور سیاستدانوں کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی۔ جو دہشت گرد بلوچستان میں احساس محرومی کا نام لے کر حالات خراب کر رہے ہیں، اس دہشت گردی میں اسلام آباد کی بیوروکریسی کا بھی ہاتھ ہے۔ جناب! وہ بلوچستان کے مسئلے کو نہیں سمجھتے۔ ہم جب بھی بلوچستان کے لوگوں کی ملازمتوں کی بات کرتے ہیں تو اس طرف کوئی بھی توجہ نہیں دی جاتی۔ اب بھی کہتے ہیں کہ بلوچستان کے لوگوں کے پاس تعلیمی قابلیت نہیں ہے کہ جو یہاں کے بابوؤں کی تعلیمی قابلیت ہے۔ آپ حیران ہوں گے کہ جب بھی کسی بھی وزارت کا اشتہار آتا ہے، اگر اس کا اسکیل 4 یا 5 ہوتا ہے تو کہتے ہیں کہ یہ ساری بھرتیاں اسلام آباد سے ہوں گی، بلوچستان کا کوئی حق نہیں۔ آپ پولیس میں جائیں یا جتنے بھی وفاقی ادارے ہیں، آپ کو بلوچستان کے لوگ آٹے میں نمک کے برابر دکھائی دیں گے۔ یہ ظلم ہے۔

جس طرح سے عبدالشکور صاحب نے کہا ہے، اس معاملے کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔ ہمیں گزشتہ 50 سالوں کی لسٹ مہیا کی جائے کہ آپ نے کتنے بلوچستان کے لوگوں کو بھرتی کیا ہے، ان کے کوٹے پر کتنی implementation ہوئی ہے، کتنا جعلی ڈومیسائل کی بنیاد پر بلوچستان کا کوٹہ ہڑپ کیا گیا ہے۔ جناب! یہاں تارڑ صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، آپ سے بھی ہاتھ باندھ کر گزارش ہے کہ بلوچستان میں احساس محرومی بڑھ رہا ہے جبکہ اس احساسِ محرومی کو ہمارے دشمن cash کر رہے ہیں۔ اگر ابھی بھی آپ لوگوں نے آنکھیں نہ کھولیں تو میں سمجھتا ہوں خدا آپ سے پوچھے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی شکریہ۔ مولانا عبدالواسع صاحب۔

## Senator Abdul Wasay

سینیٹر عبدالواسع: جناب ڈپٹی چیئرمین صاحب! شکریہ۔ عبدالشکور خان صاحب نے جو تحریک پیش کی ہے، بلوچستان کے حوالے سے یہ ایک بہت اہم تحریک ہے۔ انہوں نے آغاز حقوقِ بلوچستان کا ذکر کیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ آغازِ حقوقِ بلوچستان سے لے کر آئینی حقوق جو ہمیں دیے گئے ہیں، اب تک وہ سب سلب ہو رہے ہیں۔ جیسا کہ دنیش بھائی نے کہا، سب سے پہلے اس معاملے پر ایک کمیٹی قائم کی جائے۔ جعلی ڈومیسائل کے حوالے سے جو 6% کوٹہ ہے، اس میں سے بھی 2% ابھی تک بلوچستان کے لوگوں اور باشندوں کو نہیں ملتا۔ اس کے ساتھ ساتھ ڈومیسائل کا مسئلہ بھی ہے۔ اگر کسی کے order ہوتے بھی ہیں تو class IV کی پوسٹ پر ہوتے ہیں جبکہ بڑی بڑی پوسٹوں پر بلوچستان کا کوئی بھی بچہ نہیں آسکتا۔

جناب چیئرمین! اس کے اثرات ابھی آپ دیکھ رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہم دو محاذوں پر لڑ رہے ہیں۔ ایک وہاں پر ہم ان قوتوں سے لڑ رہے ہیں جو ملک دشمن ہیں۔ دوسرا محاذ جس پر ہم لڑ رہے ہیں، وہ ہماری حکومت اور حکمرانوں کا رویہ ہے جو انہوں نے ہمارے ساتھ روا رکھا ہوا ہے۔ ہم لوگ جو قومی سوچ رکھنے والے ہیں، جو قومی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے لوگ ہیں، وہ ان کے درمیان سینڈوچ بن کے رہ گئے ہیں۔ وہاں سے دہشت گرد ان کو مار رہے ہیں جبکہ یہاں سے حکومت ان کو مار رہی ہے۔ جن 11 ہزار ملازمتوں کے حوالے سے انہوں نے الگ سے کوٹے کی بات کی ہے، اس پر فوراً عمل درآمد کیا جائے۔

جناب چیئرمین! میں نے ایک اور بات بھی کرنی ہے۔ چونکہ حالات اس نہج تک پہنچ گئے ہیں کہ وہاں جو علیحدگی پسند لوگ ہیں، وہ بھی اسی بات پر یعنی احساس محرومی پر سیاست کرتے ہیں۔ جیسا کہ میں نے پہلے بھی ایک مرتبہ ذکر کیا تھا کہ ہمارے ہاں معدنیات، کوئلہ، کرومائیٹ اور دوسری معدنیات پائی جاتی ہیں۔ اگر آپ وہاں سے کوئلہ لوڈ کرکے بھیجتے ہیں تو لورالائی کے مقام پر دہشت گرد آگ لگا کر گاڑیاں بھی جلادیتے ہیں اور لوگوں کو بھی مار دیتے ہیں۔ اگر کرومائیٹ کراچی کی طرف لے کر جائیں تو بھی وہ راستے میں لوگوں کو مار دیتے ہیں۔ اسی طرح ہماری بلوچستان حکومت نے ایک قانون Mine and Minerals کے حوالے سے منظور کیا ہے۔ اس طریقے سے

ہمارے ان تمام حقوق پر قبضہ کیا جارہا ہے جو پاکستان بننے سے پہلے بھی ہمارے پاس تھے۔ انگریز کے دور میں بھی ہماری زمینیں ہمارے پاس تھیں۔ اب وہاں کیا ہوا؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: مولانا صاحب! اس حوالے سے آپ کوئی نیا motion لائیں تاکہ اس پر سب بات کریں۔

سینیٹر عبدالواسع: جناب! میں بلوچستان کے حقوق کے بارے میں بات کررہا ہوں۔ بس آپ مجھے دو منٹ دے دیں۔ بلوچستان میں جب لاکھوں ایکٹر زمین allot ہوجاتی ہیں، میں ایک بات کو ایوان کے سامنے اور سارے ممبران کے ذہن میں لانا چاہتا ہوں کہ جسٹس جمال، جو آج سپریم کورٹ کے جج ہیں، اس وقت جب وہ چیف جسٹس تھے، انہوں نے فیصلہ دیا کہ بلوچستان میں ایک بالشت زمین بھی گورنمنٹ کے لیے نہیں بلکہ وہ سارے قبائل کی زمینیں ہیں۔ قبائل نے ایک دوسرے کے ساتھ دشمنی کی ہے اور قتل کیے ہیں، اب انہی زمینوں کو انہوں نے اپنا بنایا ہے۔ معدنیات اور agriculture کے حوالے سے لاکھوں ایکڑز مینیں allot ہوتی ہیں۔ جب یہ ناانصافی وہاں ہورہی ہے تو یہ خود بخود ان قوتوں کو وہاں تقویت دینا چاہتے ہیں جو وہاں کے لوگوں کے جذبات پر سیاست کرتے ہیں اور ان کے ساتھ محرومی کی سیاست کرتے ہیں اور پھر اپنے اقدامات کرتے ہیں۔ میری حکومت اور تمام stakeholders سے گزارش ہے کہ allotment کا سلسلہ بند کردیا جائے اور بلوچستان کو اپنی ملازمتوں اور کوٹے کے حوالے سے اس کا حق دیا جائے۔ Mines and minerals کے حوالے سے جو ذخائر ہیں، انہیں تحفظ فراہم کیا جائے کیونکہ وہاں ایک جیسے اقدامات ہوتے ہیں۔ لوگ اب اس پر پریشان ہیں کہ وہاں دوسرے لوگ یہ کرتے ہیں اور حکومت یہ کرتی ہے۔ خدانخواستہ کہیں یہ ایک دوسرے کے ساتھ ملے نہ ہوں، شکریہ۔

(اس موقع پر ایوان میں اذان مغرب سنائی دی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: حکومت کی طرف سے کون جواب دے گا۔ جی ڈاکٹر طارق فضل چوہدری۔

**Dr. Tariq Fazal Chaudhary, Minister for Parliamentary Affairs**

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بہت شکریہ، جناب چیئرمین! معزز سینیٹر عبدالشکور صاحب نے اپنے motion میں جن باتوں کا ذکر کیا ہے، میں

بڑاbrieflyان پر بات کروں گا۔ سب سے پہلی بات یہ کہ اس گورنمنٹ کے لیے بلکہ پاکستان میں نہ صرف ہماری گورنمنٹ کے لیے بلکہ اس سے پہلے بھی جو حکومتیں رہی ہیں، بلوچستان سب کی priority رہا ہے۔ آپ کا اپنا تعلق بھی بلوچستان سے ہے اور ہمیں وہ صوبہ اتنا ہی پیارااور عزیز ہے جتنا ہمیں پنجاب، KP، سندھ، گلگت بلتستان یا آزاد کشمیر عزیز ہیں۔ گزارش یہ ہے کہ اس سے پہلے اگر میں precisely quota system جو بلوچستان کا تھا، اس پر بات کروں تو Federal Government کے جتنے بھی departments ہیں، ان میں بلوچستان کا quota 3.5 per cent تھا لیکن بلوچستان کی صورت حال کو دیکھتے ہوئے اور بلوچستان کی جو population ہے، Federal Government کے جو تمام departments ہیں، انہیں دیکھتے ہوئے اور انہیں ان کے percentage سے زیادہ accommodate کرنے کے لیے 2007 میں یہ quota چھ فیصد کر دیا گیا۔ میں یہ بات عرض کر دوں کہ Federal Government کا جو quota ہے، آبادی کے تناسب سے اس کی تقسیم ہوتی ہے اور اگر آپ بلوچستان کی آبادی اور پاکستان کی آبادی کا تناسب نکالیں تو 6 per cent بلوچستان کی آبادی کے تناسب سے زیادہ quota ہے۔ Federal Government نے یہ 6% quota بلوچستان کو accommodate کرنے اور اپنی priority بتانے کے لیے مختص کیا ہے۔

جناب! ایوان میں یہ بات ہوئی کہ بلوچستان کے quota پر جو سیٹیں ہیں، شاید وہ کوئی اور صوبہ لے جاتا ہے۔ بہت ادب سے عرض کروں گا کہ یہ بالکل حقائق کے منافی بات ہے۔ میرے پاس بالکل 100 فیصد وہ facts موجود ہیں اور وہ میں ایوان کے سامنے رکھنا چاہوں گا۔ 6 per cent quota کے حوالے سے جو total Government employees بنتے تھے، وہ 49,162 ہیں اور اس وقت تک 45809 بلوچستان کے سرکاری ملازمین Federal Government کے مختلف محکموں میں بھرتی ہو چکے ہیں اور مختلف grades میں کام کر رہے ہیں اور جو باقی 3353 پوسٹیں رہ گئی ہیں، ان میں بھی بھرتی کا عمل جو کہ سب جانتے ہیں کہ کس طرح ہوتا ہے، وہ جاری ہے اور یہ سیٹیں بھی صرف اور صرف بلوچستان کو ہی جائیں گی۔ اگر میں تھوڑا سا آگے عرض کر دوں تو جن 49162 سیٹوں کا میں نے ذکر کیا، اس میں 41901 سیٹیں جو ہیں، وہ گریڈ ایک سے لے کر 16 تک کے ہیں اور جو Gazetted گریڈ 17 سے 22 تک کی سیٹیں

ہیں، اس میں بلوچستان کے افسران کی تعداد 3908 ہے جو پاکستان کے مختلف صوبوں میں مختلف عہدوں پر فائز افسران ہیں لہٰذا میں کہوں گا کہ یہ بالکل حقائق کے منافی بات ہے کہ بلوچستان کے quota پر کسی اور صوبے کے لوگوں کو بھرتی کیا گیا ہو یا کسی اور کو دیا گیا ہو۔ Precisely جن 11 ہزار نوکریوں کا honourable Senator نے ذکر کیا ہے جو آغاز حقوق بلوچستان میں announce کی گئی تھیں، جو 6 per cent quota ہے، وہ ان میں شامل ہے۔ باقی اگر آپ یہ معاملہ concerned committee میں بھیجنا چاہتے ہیں، ہم وہاں اسے مزید explain کر دیں گے اور اس پر thoroughly discussion ہو جائے گی۔ اگر یہ jobs اس quota سے الگ دی جائیں گی تو یقیناً پھر کسی اور صوبے کے quota کو ملا کر دی جائیں گی۔ چونکہ as per the Constitution جو quota کی division ہے، وہ possible نہیں ہے۔ اس لیے یہ 11 ہزار سیٹیں اس 6 per cent quota میں شامل ہیں۔

جناب! میں یہ بھی عرض کرتا جاؤں کہ ابھی بلوچستان کی محرومیوں کی بات ہوئی۔ میں تیسری مرتبہ اسلام آباد سے elect ہوا ہوں۔ میں پوری ایمان داری سے کہوں گا کہ سب سے زیادہ jobs کے quota میں اگر کوئی علاقہ محروم ہے تو وہ اسلام آباد کا علاقہ ہے۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ تمام وزارتوں میں وہ سیٹیں جو گریڈ 1 سے لے کر 8 اور پھر 14 تک regional and local بنیادوں پر بھرتی کی جاتی ہے جو اسلام آباد کا right ہے، وہاں پر ہمارے چاروں صوبوں کے بھائی اور بہنیں accommodate کیے جاتے ہیں۔ ہم پھر بھی خاموش ہیں کہ چلیں Federal Government کا علاقہ ہے۔ میں آپ کو facts دے دوں گا۔ By the way میں نے یہ ذکر کیا لیکن میں دوبارہ بلوچستان پر آتا ہوں کہ بلوچستان کے یہ facts and figures ہیں لہٰذا اگر جذباتی ہو کر ہم ایوان کے سامنے یہ حقائق توڑ، مروڑ کر رکھیں گے تو۔۔

(مداخلت)

Mr. Deputy Chairman: No, cross talk, please.

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: بات یہ ہے کہ Federal Government کے ادارے بڑی ذمہ داری کے ساتھ ایوان کے سامنے یہ data رکھتے ہیں اور کسی کی جرات نہیں کہ وہ ایوان کے

سامنے غلط data رکھ سکے۔ میں آپ کا ایک، دو منٹ نہیں لوں گا۔ میں یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ مجموعی طور پر بلوچستان کی صورت حال کے حوالے سے جو چند باتیں ہوئی ہیں، سب سے پہلی بات یہ ہے کہ یہ تاثر بالکل غلط ہے کہ جو یہ کہے کہ بلوچستان میں جو دہشت گردی ہو رہی ہے، اس کا تعلق وہاں کی so called محرومی سے ہے۔ ایسا بالکل نہیں ہے۔ بلوچستان میں دہشت گردی اور تخریب کاری کے تمام واقعات Indian sponsored ہیں۔ جو بلوچستان میں دہشت گردی کی کارروائیاں کروا رہے ہیں، وہ پاکستان کے دشمن ہیں۔ وہ foreign funded ہیں اور انڈیا کی proxies ہیں۔ BLA ہو یا دوسری دہشت گرد تنظیم، ان کا ان محرومیوں سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ یہ پاکستان کے خلاف ایک سوچا سمجھا منصوبہ ہے۔

دوسری بات میں آپ کو یہ عرض کرتا چلوں اور یہ بھی میں اس کے ساتھ ساتھ کہوں کہ انشاءاللہ تعالیٰ چاہے بلوچستان ہو، چاہے KP ہو چاہے پاکستان کا کوئی بھی علاقہ ہو ایک ایک دہشت گرد کے خاتمے تک ، ان کے خلاف کارروائی جاری رہے گی۔ ہماری مسلح افواج ہماری Government committed ہے کہ ہم نے پاکستان سے ان شاءاللہ دہشت گردی کا خاتمہ ہر صورت کرنا ہے۔ بلوچستان کا نوجوان میجر کاکڑ صاحب، ابھی یہ دو دن پہلے شہید ہوئے ہیں۔ جو کہ اپنی سرزمین کی حفاظت کے لیے اور دہشت گردوں کے خلاف لڑتے ہوئے انہوں نے اپنی جان اللہ کے سپرد کی ہے اور ان کو شہادت کا درجہ عطا ہوا ہے۔ یہ جنگ انشاءاللہ تعالیٰ پاکستان جیتے گا، ان شاءاللہ۔

اس کے بعد جو محرومی کی بات ہوئی ہے، میں مختصراً ایک دو چیزیں آپ کے سامنے رکھ کر اجازت چاہوں گا کہ اس وقت budget میں ہمارے پاس جو Federal کی total PSDP تھی وہ ایک ہزار بلین تھی۔ صوبوں کو تو ظاہر ہے جو quota ہم نے دیا ہے لیکن جو Federal کی ہمارے پاس PSDP تھی ایک ہزار بلین تھی، ایک ہزار ارب۔ اس میں سے 210 ارب جو ہے وہ بلوچستان کو دیا گیا ہے۔ دوبارہ میں کہوں گا کہ اگر آپ آبادی کے تناسب کا حساب لگائیں percentage کا، تو کیا یہ quota بنتا ہے؟ لیکن ہمارا focus ہماری توجہ بلوچستان کے لیے ہے اور اس کے اظہار کے لیے، اپنی محبت کے اظہار کے لیے Federal Government نے یہ 210 billion دیئے۔ اس کے علاوہ جناب چھ دانش اسکول دیئے۔ آپ جانتے ہیں کہ تعلیم

سو فیصد ایکProvincial subject ہے لیکن چونکہ بلوچستان وزیراعظم شہباز شریف صاحب کے دل کے بہت قریب ہے، چھ دانش اسکول بلوچستان کو دیے گئے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایک منٹ آپ جواب لے لیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: اس کے علاوہ، پچھلے سال 60 ارب روپے کے جو solar tube-wells, کیا پاکستان میں اور کہیں tube-wells نہیں چل رہے؟ کہیں اور کاشت کاری نہیں ہو رہی؟ لیکن صرف بلوچستان کو 60 ارب روپے کے solar tube-wells کے منصوبے کا پچھلے سالPrime Minister صاحب نے افتتاح کیا۔ اس کے علاوہ ابھی آپ کو یاد ہے کہ تین ماہ پہلے عالمی منڈی میںpetrol کی قیمتوں میں کمی ہوئی، اگر ہم وہ فائدہ براہ راست عوام کو دیتے جو کہ پاکستان کی عوام کا حق تھا۔ تو300ارب روپے کی بچت ہونی تھی لیکن Prime Ministerنے اورCabinet نے یہ فیصلہ کیا کہ یہ فائدہ پاکستان بھر کے عوام کو نہیں جائے گا بلکہ اس سے جو بچت 15 دنوں میں ہوگی وہ 300 ارب کی ہوگی اور وہ 300 ارب سارے کا سارا بلوچستان میں ایک road کو آپ بہتر جانتے ہیں دیا گیا اور وہ منصوبہ جو ہے ان شاء اللہ کراچی سے onwardsآپ کے کچھ چھ نہیں بلکہ آٹھ اضلاح کو وہ سڑک منسلک کرتی ہے۔ جناب یہ پورے سال کی levy ہے۔

ہم ان شاء اللہ تعالی آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ ہمارے یہ منصوبے جو بلوچستان کی عوام کی فلاح و بہبود کے لیے ہیں وہ جاری و ساری رہیں گے۔ آخر میں جو Mines and Minerals کی بات ہوئی اور جو پاکستان میں بہت سارےinitiative اس وقت لیے جا رہے ہیں چاہے وہ Mines and Mineralsکے حوالے سے ہوں، چاہے وہEnergy Sector میں ہوں، چاہے وہ Maritime Sector میں ہوں یا چاہے وہ ہماری زراعت کے sectorمیں ہوں۔ یہ ان میں سے ایکinitiative ہے اور آپ کے Trillions of Dollarsکے جوassets پاکستان میں ہیں، جو معدنیات اللہ تعالی نے آپ کو عطا کی ہیں۔ انہیںexplore کرنا یہ پاکستان کے حق میں ہے اور جو بلوچستان کی معدنیات ہیں ان پر بلوچستان کا rightہے ۔ ان سے کوئی نہ لے سکتا ہے نہ لینے کی بات اس میں ہوئی ہے لیکن اس

initiativeکے تحت ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا فائدہ پاکستان کو ہوگا اور بلوچستان کو سب سے پہلے ہوگا بہت شکریہ جناب چیئرمین۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی ایک منٹ Order No.38 جو سینیٹر شکور خان صاحب کی طرف سے Motion ہے اس پر جو honourable Senators ہیں شکور خان اچکزئی صاحب، مولانا عبدالواسع صاحب، دنیش کمار صاحب اور دیگر ممبران ہیں تو آپ کو Chair کی طرف سے یہ ہدایت ہے کہ جو۔۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ بیٹھیں تو میں بات کروں، آپ تینوں بیٹھیں۔ ایک منٹ ایمل صاحب !please تو اس حوالے سے جو آغاز حقوق بلوچستان تھا، اس کے حوالے سے جتنے لوگ لگے ہیں Federal Government نے آپ نے جو figures بیان کیے، تو آپ honourable Ministers کی بجائے بلوچستان سے تعلق رکھنے والے سارے Senators کو اس کی وہ ساری چیزیں مہیا کریں اور نمبر دو جو ابھی وفاقی حکومت نے منصوبے دیئے ہیں، وفاق کی طرف سے بلوچستان کو۔۔ شکور خان صاحب! آپ نے جو Motion پیش کی سب نے اس پر بات کی ہے، ابھی تو ہم نے بھی معاملات کو آگے بڑھانا ہے۔ تو اس حوالے سے جو Federal Government کی طرف سے جو schemes ہیں یا جو بھی ہے ان کی تفصیل بلوچستان کے honourable Senators کو مہیا کریں۔ جی تحریک۔۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایمل ولی صاحب آپ دیکھیں، جب اس پر بحث مکمل ہو چکی ہے تو اس پر بات نہیں ہو گی۔ آپ پہلے کر لیتے، جب منسٹر نے wind-up کیا تو پھر آپ بات نہیں کر سکتے ہو اور اس تحریک پر بحث مکمل ہو چکی ہے۔ Order No.39 سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: دیکھیں ہم نے Chair کی طرف سے سختی سے ان کو ہدایت کی ہے کہ وہ سارے figures جو۔۔

(اس موقع پر ایوان میں کورم کی نشان دہی کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی count کیا جائے۔ جب بھی بلوچستان پر یا باقی صوبوں پر بات ہوتی ہے اس وقت quorum کی بات آتی ہے۔ مولانا صاحب سب کچھ، میں نے سختی سے ہدایت کی ہے کہ ساری detail آپ لوگوں کو مل جائے گی اور اگر نہیں ہوا دوبارہ اٹھائیں میں دوبارہ اس پر۔۔۔ابھی quorum کی نشان دہی ہو گئی ہے، ایمل صاحب ابھی بات نہیں ہو سکتی ہے، نہیں.please ماشاءاللہ آپ تو senior بھی ہیں۔ جب انہوں نے quorum کی نشاندہی کر لی تو اس پر بات نہیں ہو سکتی، پہلے quorum کو دیکھنا ہے۔آپ پانچ منٹ کے لیے گھنٹیاں بجائیں۔

(اس موقع پر ایوان میں گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکور صاحب quorum کے بعد بات نہیں ہو سکتی ہے،quorum بھی آپ نے point up کیا اس کے بعد آپ بات نہیں کر سکتے ہو،آپ گھنٹیاں بجائیں .please دونوں طرف کی lobbies میں گھنٹیاں بجائیں۔ پلیز پلوشہ خان صاحبہ آپ اپنی نشست پر بیٹھیں، مسرور صاحب آپ اپنی نشست پر تشریف رکھیں، سرمد علی صاحب اپنی نشست پر ,please سردار صاحب please بیٹھیں اپنی نشست پر، دوست محمد خان صاحب please ایک دو منٹ باقی ہے۔ جی سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری صاحبہ جی quorum ابھی دوبارہ count کر لیں۔

(اس موقع پر ایوان میں گنتی کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایوان مکمل ہے۔ نہیں اس پر ابھی بات نہیں ہو سکتی ہے، تحریک پر بحث مکمل ہو چکی ہے۔ سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی صاحبہ Order No.39 پیش کریں.please

**<u>Motion under Rule 218 moved by Senator Zarqa Suharwardy Taimur regarding the need for policy level intervention by the Government to eliminate gender discrimination in society and encourage women's participation in economic activities in the country</u>**

سینیٹر زرقا سہروردی تیمور: بہت شکریہ چیئرمین صاحب، میں سب سے پہلے تو ایوان کی شکر گزار ہوں کہ ہمارے members آئے اور اس quorum کی جو call تھی اس کو انہوں نے defeat کیا اس لیے میں ایوان کو خراج تحسین پیش کرتی ہوں، کیونکہ یہ بہت ضروری issue

ہے۔ جناب! میں نے تو یہ Motion ڈالا تھا World Economic Forum کی جو report آئی تھی پاکستان کے حوالے سے Global Gender Gap کے حوالے سے میں نے اس کے اوپر یہ Motion ڈالا تھا لیکن افسوس اس بات کا ہے کہ آج جس issue سے میں شروع کروں گی وہ بلوچستان کا ہی issue ہے، جہاں ڈگاری میں ایک خاتون اور ایک مرد کو گولیاں مار کے قتل کر دیا گیا اور اس کی ہم شدید مذمت کرتے ہیں لیکن اس سے زیادہ مجھے افسوس ہمارے اپنے ہی ایوان کے چیف منسٹر صاحب تھے جو انہوں نے ان کے بارے میں کہا اس سے بھی ہمیں بہت تکلیف ہوئی۔ بات یہ ہے جی کہ ہمارا ملک اور یہ دنیا اس میں آدھی population مردوں کی ہے اور آدھی عورتوں کی ہے اور مرد اس دنیا میں عورت کے ہی جسم سے آتے ہیں۔ تو مقصد یہ ہے کہ عورتوں کے حقوق اگر آپ پامال کریں گے تو پھر کہاں کا انصاف اور کہاں آپ کی آئینی اور قانونی حیثیت۔ ہمارا Constitution کا Article 25 پوری طرح سے خواتین کو یہ right دیتا ہے کہ gender discrimination نہ ہو۔ Article 38 economic حوالے سے بھی خواتین کے خلاف gender discrimination کو برا سمجھتا ہے لیکن practically ہم کیا دیکھتے ہیں؟ Practically ہم یہ دیکھتے ہیں خواتین کو نہ economic طریقے سے، نہ سیاسی طریقے سے، نہ قانونی طریقے یا کسی بھی اور طریقے سے ان کے جائز حقوق نہیں دیے جاتے۔

جناب! ابھی بلوچستان میں جو واقعہ ہوا ہے اس کی جتنی شدید الفاظ میں مذمت کی جائے وہ کم ہے اور یہ ایک issue ہے جس کی video viral ہوئی ہے۔ یہ کافی دن پرانا issue ہے لیکن اس قسم کے issues روزانہ ہوتے ہیں اور ان خاتون کے دل پر کیا گزر رہی ہو گی جب وہاں اُن لوگوں سے جو انہیں لے کر گئے، اس خاتون نے کہا کہ مجھے گولی مار دو لیکن ہاتھ نہ لگانا۔ آپ سوچیں کہ ہمارا اتنا غیر محفوظ معاشرہ ہے جس میں ہمارے بھائی، ہمارے والدین، ہمارے خاوند، ہمارے بیٹے ہیں، ایسے معاشرے میں ایک خاتون جو بقول ہمارے چیف منسٹر صاحب کے کہ پانچ بچوں کی ماں ہے، وہ اپنے آپ کو اتنی غیر محفوظ سمجھتی ہے کہ اس نے کہا کہ ہاتھ نہ لگانا۔

یہ کیا ہے اور کیوں اس پر Human Rights Commission نے کوئی action نہیں لیا؟ اس پر واویلا کیوں نہیں ہوا؟ اس پر شور کیوں نہیں ہوا؟ اس کو آرام سے کیوں چلایا جا رہا ہے؟ میرے خیال میں آج سینیٹ میں سب سے پہلا issue یہ raise ہونا چاہیے تھا۔

جناب! چوبیس کروڑ عوام میں سے پچاس فیصد خواتین ہیں اور سینیٹ میں اور ہماری political space میں صرف سترہ فیصد خواتین کو جگہ دی جاتی ہے جبکہ ہمارا حق پچاس فیصد کا ہے۔ حالات یہ ہیں کہ خواتین کو نہ تو jobs دی جاتی ہیں۔ پاکستان کی female workforce بیس سے پچیس فیصد ہے جو دنیا میں ایک انتہائی low figure ہے۔ قائدِ اعظم نے بھی فرمایا تھا جب تک خواتین مردوں کے شانہ بشانہ کام نہیں کریں گی، تب تک یہ ملک ترقی نہیں کرے گا بلکہ دنیا کا کوئی بھی اور ملک ترقی کر ہی نہیں سکا۔

ہمارے ہمسائے میں ہندوستان ہے۔ وہاں پر آپ دیکھیں، بلکہ دیگر مسلم ممالک میں اگر آپ دیکھیں، انڈونیشیا میں دیکھیں، ملائیشیا میں دیکھیں، ہمارے عرب ممالک جیسے کہ قطر میں دیکھیں، اب تو سعودی عرب میں کتنی آزادی ہو گئی ہے تو ہمیں کیا مشکل ہے؟ اس حوالے سے جب تک government اس کو seriously take up نہیں کرے گی، مجھے تو آج اس بات کا بھی پتا نہیں ہے کہ اس کے لیے کون سی ministry responsible ہے اور آج اس پر کون جواب دے گا۔

جناب! Human Rights پر آپ بھی بہت اچھے ہیں اور دوسرے لوگ بھی بہت اچھے ہیں لیکن ہم کام نہیں دیکھتے کہ کچھ ہوتا ہے۔ وہ تو جناب آپ بات کریں گے، SETA پر ہم نے ratify کیا ہوا ہے، SDGs کی ہم بڑی آوازیں اٹھاتے ہیں۔ SDG-5 پر زبانی کلامی ratify ہوتا ہے لیکن جناب practically کچھ بھی نہیں ہے اور خواتین کو اتنا تحفظ نہیں ہے۔ ہمارے عزت مآب سینیٹر پرویز رشید صاحب نے اُس دن بڑی اچھی بات کی کہ ہمارے معاشرے میں خواتین اتنی غیر محفوظ ہیں کہ اپنے اوپر کئی کئی لبادے پہنتی ہیں۔ دوپٹے، چادریں اور کیا کچھ ہمیں اپنے آپ کو محفوظ کرنے کے لیے کرنا پڑتا ہے۔ تو یہ کیسا معاشرہ ہے جہاں پر نبی کریم ﷺ، اُن پر لاکھوں کروڑوں درود و سلام، انہوں نے جس طرح خواتین کو آزادی دی، انہوں نے اپنے سے پندرہ سال بڑی خاتون حضرت خدیجہؓ الکبریٰ سے شادی کی اور انہوں نے کس طرح سے اسلام کی کفالت کی۔ یعنی کے وہ اتنی امیر عورت تھیں اور آخر میں جب ان کی اپنی بیٹی حضرت زینبؓ کی شادی ہوئی تو ان کے پاس دینے کے لیے صرف ایک چادر تھی۔ تو آپ سوچیں کہ نبی پاک ﷺ کی محبت اور حضرت خدیجہؓ الکبریٰ

حضرت علیؓ سے بھی پہلے مسلمان ہوئیں۔ مجھے اس بات کی بہت رنجش ہوتی ہے کہ ہم تو اُن کا ذکر بھی نہیں کرتے۔

تو بات یہ ہے ہم مائیں ہیں، ہم بہنیں ہیں، ہم بیٹیاں ہیں اور ہم ایک عزت والا مقام چاہتی ہیں۔ ہم ایک محفوظ مقام چاہتی ہیں۔ ہم اس ملک میں شانہ بشانہ کام کرنا چاہتی ہیں اور ہماری اس empowerment کے لیے جب تک ہماری حکومت ہمارے ساتھ کھڑی نہیں ہو گی تب تک یہ نہیں مل سکتی۔

تو اس حوالے سے اس House کے، چیئرمین صاحب اور ڈپٹی چیئرمین صاحب آپ تمام کے توسط سے میری دو تین requests ہیں۔ سب سے پہلے تو یہ ہے کہ میں نے سنا ہے کہ gender parity پر کوئی پارلیمانی کمیٹی بنی ہے تو اُس میں ہم جیسے ناچیز لوگوں کو بھی ڈالا جائے۔ دوسری بات یہ کہ ہمیں gender parity پر اس ایوان میں ایک annual report چاہیے اور ہمیں بتایا جائے کہ gender parity کے حوالے سے کیا framework بنایا جا رہا ہے۔ اس وقت ہمارے ملک میں GSP+ سے لے کر آپ کی Human Rights Commissions کی جو requirements ہوتی ہیں تو جب ہمارے افسران international forums پر جاتے ہیں تو وہاں بہت مار پڑتی ہے۔ صرف کاغذی کارروائی سے وہ مار ختم نہیں ہو گی بلکہ ہمیں کوئی practical steps لینے پڑیں گے۔ ہمارا harassment پر بل آیا، ہمارے acid throwing پر بل آئے، ہمارے rape پر بل آئے لیکن بڑے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ان پر کسی قسم کا کوئی action نہیں ہوا۔

ہمیں ایک national framework چاہیے جس میں gender parity کو اور gender equality کو address کیا جائے۔ ہمیں ایک annual report چاہیے اور ہمیں Planning Commission سے ایک ongoing programme چاہیے کہ کس طرح سے یہ سب چیزیں achieve ہوں گی۔ جناب! ہم یہ request کرتے ہیں کہ پارلیمان میں سے، سینیٹ اور قومی اسمبلی میں سے آپ اُن لوگوں کو لے کر جائیں جو ان چیزوں پر کچھ سیر حاصل بات کر سکیں اور ہم اس کو کسی مثبت direction میں لے کر جا سکیں کیونکہ بلوچستان

میں یہ ایک واقعہ سامنے آیا ہے، اس طرح کے روز واقعے ہوتے ہیں اور یہ سب سن کر ہمارا دل چھلنی چھلنی ہوتا ہے۔ بہت شکریہ ڈپٹی چیئرمین صاحب اور بڑی مہربانی۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی ان کا mic کھول دیں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: مسرور احسن صاحب! انہوں نے معذرت کر لی ہے۔ جی شیری رحمان صاحبہ۔

## Senator Sherry Rehman

سینیٹر شیری رحمان: آپ بیٹھ جائیں۔ .I am speaking now. Please سینیٹر صاحب انہوں نے معذرت کر لی ہے۔ شکریہ چیئرمین صاحب اور میں سینیٹر زر قا کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں کہ اتفاق سے یہ موقع بھی تھا اور آج issue بھی آ گیا اور انہوں نے اس وقت ہر مسئلے کو raise کیا ہے لیکن میرا focus اس وقت بلوچستان میں دل خراش واقعہ جس کی video سامنے آئی ہے، اس کے حوالے سے میں دو الفاظ کہنا چاہتی ہوں۔

بالکل صحیح ہے کہ یہ ہماری کوشش ہونی چاہیے تھی کہ یہ پہلا issue ہو لیکن آج ہم نے ترتیب سے business بھی کیا اور House members میں ہیں اور خواتین کے issue پر quorum پر ہیں لیکن میرا کہنا یہ ہے کہ یہ صرف خواتین کا issue نہیں ہے بلکہ سارے معاشرے کا مسئلہ ہے۔

(اس موقع پر ایوان میں ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر شیری رحمان: یہ ہمارے ذہن اور اس میں ہماری جتنی بھی حرکات ہیں، ہر چیز پر یہ ایک بہت ہی عجیب و غریب اور میں سمجھتی ہوں کہ اس پر ہم جتنا بھی افسوس کریں وہ کم ہے لیکن ایک بہت ہی عجیب طریقے سے ہمارے معاشرے کی window اور چہرہ دکھاتا ہے۔ اب یہ کہا گیا کہ پرانا واقعہ تھا۔ یہ پرانا واقعہ تھا اور شاید دور دراز کے علاقوں میں آپ دیکھ رہے ہیں کہ ابھی بھی privatize justice ہو رہی ہے یعنی کہ خواتین کے حوالے سے جرگے بیٹھ کر نجی انصاف دے رہے ہیں۔

آپ کو یاد ہے کہ اسی لیے ہم نے یہاں شادی کے لیے اٹھارہ سال کی عمر کروائی ہے۔ وہ خاتون جو بھی ہوں اور ان کا جو بھی رشتہ ہو .that was irrelevant جس طرح جرگے میں اُس خاتون کا بہیمانہ قتل کیا گیا، اس پر ہم سب کا سر شرم سے جھکا ہوا ہے۔ زندہ قومیں اپنی غلطیوں اور معاشرے کے ناسور کا اسی طرح اعتراف کرکے اُس معاشرے میں صفائی اور انصاف لاتی ہیں۔ یہ ہم سب کی ذمہ داری ہے and I am very grateful to the Senate here کہ سب اس بات پر بہت disturb ہیں۔

یہ کب کا اور جب کا بھی issue تھا لیکن شکر ہے کہ وہ سامنے آیا کہ ہمیں پتا چلا کہ ان علاقوں میں ہو کیا رہا ہے۔ اندھیرے دروازوں کے پیچھے تو ہمیں پتا نہیں ہوتا کہ کیا مظالم ڈھائے جاتے ہیں۔ Reports آئیں اور reports جائیں لیکن اشرافیہ سے لے کر نچلے طبقے تک خواتین پر مظالم تو ابھی بھی ڈھائے جا رہے ہیں اور بولنے والے ہم ہیں۔ اس میں جس طرح اُس خاتون کو گولی ماری گئی ہے ہم protest کرتے ہیں، ہم احتجاج کرتے ہیں، جب جانوروں کو اس طرح گولی ماری جاتی ہے، ہم تب بھی احتجاج کرتے ہیں۔ کیا سمجھتے ہیں یہ لوگ کہ اپنے ہاتھ میں انصاف لے لیں گے؟ یہ ہوتے کون ہیں کہ خدا کی جگہ لیتے ہیں اس معاشرے میں؟ کسی نے ان کو یہ اجازت نہیں دی ہے اور میں بہت اس پر خوشی کا اظہار تو نہیں کر سکتی لیکن اتنا تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ اس پورے ایوان میں مل جُل کر اس طرح کی روایات کو جن کی بنیاد کہا جاتا ہے کہ عزت اور غیرت کے نام پر رکھی جاتی ہے۔ یہ بے غیرتی کا قتل ہے۔ سب کو اٹھ کر کہیں کہ یہ بے غیرتی کا قتل ہے۔ یہ کوئی honour killing نہیں ہے، یہ dishonourable killing ہے اور پاکستان اس سے dishonour ہوا ہے but what will be honourable for this country, is now to ensure that those people are brought to justice اور یہ بات مجھے کہنی پڑ رہی ہے کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے بھی اس کا سخت اور فوری نوٹس لیا ہے۔ وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کو کہا کہ آپ نے کسی کو چھوڑنا نہیں ہے سب کو کیفر کردار تک پہنچانا ہے۔

اب وہ دو معصوم زندگیاں بس واپس نہیں آئیں گی۔ چاہیں وہ مجرم ہی کیوں نہ ہوں۔ یہ قانون کا کام ہوتا ہے جو لوگ اپنے ہاتھ میں لیتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ کیونکہ عورت ہے، تو وہ یہ

شروعات کر سکتے ہیں۔اس نے جو جرأت دکھائی وہاں پر وہ کھڑی رہی جیسے کہ میڈیم سینیٹر نے کہا ہے پیچھے نہیں ہٹوں گی، مجھے ہاتھ مت لگاؤ۔ گولی مارنی ہے تو مارو، میری پیٹھ میں مارو۔ نہایت شرم ناک واقعہ ہے اس ملک کے لیے اور اس حوالے سے جب وزیر اعلیٰ بگٹی نے کہا ہے کہ میں action لے رہا ہوں، تو میری اطلاع کے مطابق گیارہ لوگوں پر FIR کٹ چکی ہے۔اب تیرہ ہو گئے ہیں۔ صبح گیارہ تھے، اور گرفتاریوں کی تعداد تیرہ تک پہنچ گئی ہے۔

میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ میں easy justice میں believe نہیں کرتی۔ کسی نے کہا کہ اسی طرح گولی ماری جانی چاہیے۔ نہیں! ہمیں جتنا بھی غصہ آئے، ہمیں انصاف کو اپنے ہاتھ میں نہیں لینا چاہیے۔اسی کے خلاف ہم یہ بات کر رہے ہیں کہ معاشرہ انصاف اپنے ہاتھوں میں نہیں لیتا۔Further society کو brutalize نہیں کریں۔یہ justice system میں جائے لیکن گزارش بالکل یہی ہوگی کہ justice system پر ہماری نظر ہو۔ہمارے جو بلوچستان کے سینیٹرز ہیں یہی تو beauty ہے سینیٹ کی، یہ حسن ہے اس ایوان کا کہ ہم آپ سے کہہ سکتے ہیں کہ اس پر نظر رکھیں۔یہ remote علاقے ہیں ہمیں پتا نہیں ہوگا اور ہم بھول بھی جاتے ہیں۔یہ انسانیت کا طریقہ ہے کہ ایک مہینے بعد کون پوچھے گا کیا ہوا؟ تو میں request کروں گی کہ بلوچستان کے سینیٹرز اس story پر نظر رکھیں،آگے دیکھیں کہ ان کو کیفر کردار تک پہنچایا جارہا ہے یا نہیں۔ یہاں بہت سارے پولیس تھانوں میں جہاں تفتیش بڑی کمزور ہوتی ہے،ان حوالوں سے تفتیش بہت کمزور ہوتی ہے۔ میرا کوئی چالیس سال کا تجربہ ہے ان کاموں میں۔ وہ ڈھول بجا کر مجرم کو لاتے ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر شیری رحمان: ہار پہناتے ہیں۔ واہ واہ واہ! آپ نے ہماری community کا، ہمارے علاقے کا، ہمارے گھروں کا تقدس رکھا ہے۔ تقدس تو پامال ہوا ہے۔ اگر تو اس طرح کی investigation وہاں پر ہوتی ہے اس پر بھی نظر رکھیں کہ صحیح طور پر prosecution ہو،investigation ہو ہم بلوچستان کے CM سے کریں گے He is under pressure.He is saying کہ میں کر رہا ہوں لیکن ساری دنیا کی،سارے ملک کی نظریں اس پر، اس case پر ہونی چاہئیں because as the CM says this is a test case for this government and for all of us یہ صرف PPP کا مسئلہ نہیں

ہے۔ یہ ہم سب کا مسئلہ ہے اور میں چاہوں گی کہ ہم اس پر کل یا اگلے دن جب بھی session آئے ایک joint resolution نکالیں ہم ہر مسئلے پر ہر ظلم پر نکالتے ہیں۔ یہ ہمارے لیے ایک بڑا علامتی قدم ہوگا۔ ہم سب کو joint resolution نکالنا چاہیے اور جو parties نہیں sign کرنا چاہتیں تو ان کی پھر اصلیت سامنے آجائے گی اور بہت سے ممبرز ہیں شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ جی، سینیٹر خالدہ اطیب صاحبہ۔

سینیٹر خالدہ اطیب: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ جی، ابھی بلوچستان میں ہونے والے واقعے پر۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: صرف ایک منٹ۔ ڈاکٹر صاحبہ ایک وضاحت کرنا چاہتی ہیں۔ جی، سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور صاحبہ۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: اُنھوں نے مجھے correct کیا تھا۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ، نبی پاک ﷺ، ہزاروں درود اور کروڑوں سلام ان پر۔ ان کی چار بیٹیوں کا ذکر ہے، مختلف روایات ہیں حضرت زینبؓ، حضرت رقیہؓ، حضرت ام کلثومؓ اور حضرت فاطمہؓ اور دو بیٹے حضرت قاسمؓ اور حضرت عبداللہؓ۔ میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ مختلف روایتیں ہوتی ہیں تو میں ان سے معذرت بھی چاہتی ہوں لیکن یہ کہ یہ صحیح تھا جو میں نے کہا تھا۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: بہت شکریہ۔ جی، سینیٹر خالدہ اطیب صاحبہ۔

**<u>Senator Khalida Ateeb</u>**

سینیٹر خالدہ اطیب: جناب چیئرمین! شکریہ۔ ابھی بلوچستان کے حوالے سے یہاں پر گفتگو ہو رہی ہے اور میں آج اس بات کو سوچ کر آئی تھی کہ اس issue پر مجھے بات کرنی ہے کیونکہ ہم مختلف موضوعات پر باتیں کرتے رہتے ہیں لیکن ہمارے ارد گرد جو ظلم ہو رہا ہے اس کو ہم نظرانداز کر دیتے ہیں۔ یہ ایک ایسا واقعہ ہے جس کی ویڈیو سامنے آئی تو یہ highlight ہوا اور ہونا بھی چاہیے تھا۔ وہ ایک ایسا اندوہ ناک واقعہ ہے کہ اسے اور زیادہ زور سے highlight ہونا چاہیے تھا۔ لیکن ہمارے وہ علاقے جو سندھ کے اندرون علاقوں میں ہیں جہاں خواتین پر ظلم ہوتا ہے۔ بلوچستان کے کئی علاقوں میں جہاں لوگوں نے خود اپنی عدالتیں بنا رکھی ہیں۔ اپنے جرگے کرتے ہیں اور سزائیں سناتے ہیں۔ ابھی تک ہم نے کسی کے خلاف کوئی واضح action نہیں لیا۔ یہ کہا جا رہا ہے کہ گیارہ

گرفتاریاں ہو گئیں، تیرہ گرفتاریاں ہو گئیں لیکن صرف گرفتاریوں تک ہی کیوں محدود رکھا جا رہا ہے؟ ان ذاتی عدالتوں پر پابندی کیوں نہیں لگائی جاتی؟سب سے پہلے اُن عدالتوں پر پابندی لگائی جائے۔ کیونکہ اسلام عورت کو بہت بڑا مقام دیتا ہے۔

جیسا کہ ابھی سینیٹر ڈاکٹر زر قا سہروردی تیمور صاحبہ نے بہت سی مثالیں دے کر اسلام کے حوالے سے بات کی،اسی حوالے سے میں بھی کہنا چاہوں گی کہ حضور پاک ﷺ نے ایک بڑی عمر کی عورت سے نکاح کر کےایک مثال قائم کی۔انہوں نے تجارت کے لیےانہیں بہت بڑا space دیا۔ حضرت خدیجہؓ بہت بڑی تاجر تھیں، اور مردوں کے شانہ بشانہ کام کرتی تھیں۔ ہمارا معاشرہ یہ بات کیوں نہیں مانتا کہ عورت ہمارے برابر آ سکتی ہے؟ہم اسے دوسرا درجہ کیوں دیتے ہیں؟برابری کا درجہ کیوں نہیں دیتے؟

میرے خیال میں، اس حوالے سے صرف باتیں نہیں ہونی چاہئیں، legislation ہونی چاہیے اور یہ جو ذاتی عدالتیں لوگوں نے قائم کر رکھی ہیں جرگے بلاتے ہیں اور سزائیں سنا دیتے ہیں۔ اگر آپ نے وہ ویڈیو دیکھی ہو، تو آپ پوری ویڈیو دیکھ بھی نہیں سکتے۔اس کو دیکھ کر دل کی حالت خراب ہو جاتی ہے کہ وہ زندہ تھی اسے دوبارہ مارا گیا۔ وہ لڑکا زندہ تھا اس کو دوبارہ مارا گیا۔ ہم اس ظلم پر صرف یہاں پر تقریریں کریں۔ ابھی یہاں پر سینیٹر شیری رحمان صاحبہ نے کہا کہ ہمیں Resolution پاس کرنی چاہیے۔ Resolution کے علاوہ بھی ہمیں ذاتی طور پر عملی اقدامات کرنے چاہیں۔ ہمیں یہ جرگے ختم کرانے چاہیں جو اپنی ذاتی پسند و ناپسند کے نام پر فیصلے دیتے ہیں اور جب تک یہ جرگے قائم رہیں گے اسی طرح اندرونِ سندھ میں ظلم ہوتے رہیں گے۔ اسی طرح ونی اور دوسری قبیح رسمیں ہیں، قرآن سے شادی اور پسند کی شادی نہ کرنا۔ حالانکہ پسند کا حق تو اللہ تعالیٰ نے خود عورت کو دیا ہے کہ اس سے پوچھ کر اس سے شادی کرو۔ اگر کوئی عورت ایسا قدم اٹھاتی ہے کہ وہ خاندان کے خلاف ہے اور وہ قرآن پاک کو ہاتھ میں لے کر گئی اور اس نے قرآن شریف ہاتھ میں لے کر ان کے سامنے گئی ان سے قرآن شریف ایک طرف رکھوایا گیا۔ یہ توہین ہے۔ یہ توہین ہے، یہ صرف عورت کی توہین نہیں، یہ انسانیت کی توہین ہے۔

جناب چیئرمین! میری آپ سے گزارش ہے کہ اس سلسلے میں کوئی بہت ٹھوس قدم اٹھایا جائے۔ ہم کوئی ٹھوس قدم نہیں اٹھاتے صرف بڑی بڑی باتیں کرتے ہیں۔ ہم صرف تقریریں

کرتے ہیں بڑے بڑے الفاظ استعمال کرتے ہیں، آواز بلند کرتے ہیں۔ مگر ہم وہ اقدامات نہیں کرتے جو ہمیں کرنے چاہیں۔ ہمیں ان علاقوں میں جو ذاتی عدالتیں قائم ہیں ان کو ختم کرنا چاہیے۔ عدالت کا کام ہے فیصلہ کرنا۔ اگر وہ مجرم ہے تو انہیں عدالت میں پیش کیا جائے۔ عدالت میں یہ ثابت کیا جائے کہ انہوں نے جرم کیا ہے۔ لیکن اپنی ذات کو پسند و ناپسند کو معیار بنا کر کسی کے خلاف کوئی قدم اُٹھانا میرے خیال میں نہ اسلام اس کی اجازت دیتا ہے اور نہ پاکستان کا آئین۔

جناب چیئرمین! اس لیے میری آپ سے بہت دردمندانہ گزارش ہے ایک عورت ہونے کے ناطے کہ اس سلسلے میں ٹھوس قدم اُٹھایا جائے اور یہ علاقوں میں قائم جو عدالتیں ہیں پسند ناپسند کے مطابق فیصلہ کرنے والی انہیں ختم کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر ایمل ولی خان صاحب آپ اسی motion کے حوالے سے بات کریں گے یا کسی اور موضوع پر بات کریں گے؟

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب اس پر بھی بات کر لیں گے اور۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں تو پھر آپ بعد میں بات کر لیں، پہلے اس پر بات کر لیں۔

سینیٹر ایمل ولی خان: اس پر بھی بات کر لوں گا۔ پھر بعد میں موقع دیں گے؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی بالکل۔ جی آپ بات کریں اس کے بعد عرفان صدیقی صاحب کی باری ہے اور پھر علی ظفر صاحب کی۔

**Senator Aimal Wali Khan**

سینیٹر ایمل ولی خان: شکریہ جناب چیئرمین! حقیقتاً میں سمجھتا ہوں کہ جو بھی انسان ہو گا، انسانیت سمجھتا ہوگا وہ کل کے واقعہ کو دیکھ کر، ویسے واقعہ تو پرانا ہے لیکن کل پرسوں سے ہم سب جو دیکھ رہے ہیں تو وہ بہت دردناک واقعہ ہے۔ میں آپ کا تھوڑا وقت لوں گا اور میں اسی بات پر صرف تین چار منٹ لوں گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ اسی motion پر بات کریں، یہ بہت اہم مسئلہ ہے۔

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب اسی motion پر بات کروں گا اور آپ کی اس commitment کے ساتھ کہ آپ مجھے بعد میں بھی موقع دیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ان شاء اللہ جی۔

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب میں پاکستان، اپنی تاریخ، پاکستان کی روایات کو مد نظر رکھتے ہوئے اور یہاں عوام کو جو پڑھایا جاتا ہے، پاکستان کے معاشرتی علوم کو مد نظر رکھتے ہوئے ہم چیخ رہے ہیں کہ ہم یہ سوچ پھیلا رہے ہیں۔ اس ملک میں عورت کے حوالے سے میں یہ کہوں گا کہ تاریخی اعتبار سے ہم اس قوم سے ہیں کہ جہاں دشمنی بھی ہو تو عورت کو دشمنی سے باہر رکھا جاتا ہے۔ روایات ایسی ہیں کہ عورت کا، بچے کا اور بزرگ کا خیال کیا جاتا ہے اور میرے خیال میں یہ مذہبی تقاضا بھی ہے۔ عورت ماں کے، بہن کے اور بیٹی کے روپ میں ہے اور پھر مذہبی سنت نکاح کی صورت میں انسان کی زندگی میں آتی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایک انسان جو انسان ہو، جانور نہ ہو وہ ماں کی شفقت، بہن کا پیار، بیٹی کی محبت، بیوی کے رشتے کو سمجھتے ہوئے ہر عورت کی قدر کرتا ہے۔

جناب چیئرمین! بد قسمتی سے ہمارا ملک ایک ایسا ملک ہے جہاں عورت کو تو چھوڑیں مرد محفوظ نہیں ہیں۔ کیا یہ وہی ملک نہیں ہے جہاں کچھ سال پہلے پنجاب کے ایک ضلع میں کارخانے کے دو سے تین سو لوگوں نے جمع ہو کر ایک غیر ملکی Manager پر کوئی دینی فتویٰ لگایا اور اسے زندہ جلا دیا تھا۔ کیا یہ وہ ملک نہیں ہے جہاں کچھ ماہ پہلے ہمارے صوبے کی تحصیل بحرین، کالام میں ایک بندے کو زندہ جلا کر مار دیا گیا۔

میں یہ سمجھتا ہوں کہ honour killing تو ایک بہانہ ہے، نام دیا ہوا ہے سارا مسئلہ سرداری نظام، وڈیرہ نظام، نوابی نظام، ملکی نظام کا ہے۔ یہ سارا مسئلہ ہم نے تاریخ میں رکھا ہوا ہے۔ یہ پاکستان ہے، اس کا کوئی آئین ہے، اس کا کوئی قانون ہے یا نہیں ہے وزیر صاحب؟ ایک بندہ گھر میں بیٹھ کر یہ فیصلہ کرتا ہے کہ فلاں کو مارو۔ کیا پاکستان میں کوئی قانون ہے۔ ہم نے تو سنا ہے کہ قانون کے ہاتھ بڑے لمبے ہوتے ہیں لیکن بد قسمتی سے ہمیں اس تقریر میں پتا چلا کہ قانون کے وہ لمبے ہاتھ پنجاب کی حد تک رہتے ہیں، جب آپ پنجاب سے باہر نکلیں تو قانون کے ہاتھوں پر مہندی لگ جاتی ہے۔ پھر لمبے ہاتھ نہیں رہتے۔ یہ واقعہ ان واقعات میں سے ایک ہے جس کی ویڈیو بنی ہے، اتنے ذلیل لوگ تھے کہ وہ یہ حرکت کرکے ویڈیو بھی بنا رہے تھے ورنہ میرے خیال میں پاکستان میں ہر وقت ایسی حرکتیں ہوتی رہیں گی اور کسی کو پتا بھی نہیں چلے گا۔ ہر حادثے پر یہی ہوتا ہے، سب دکھی بھی ہوتے ہیں، سب غم میں بھی ہوتے ہیں، ایک سینیٹر صاحب نے کہا کہ متفقہ قرارداد بھی پیش کر دیتے ہیں لیکن ہوتا کیا ہے۔ آج تک پاکستان کی تاریخ میں کوئی ایک case بتا دیں جس میں کھلے

عام عوام پر یہ ظلم ہوا ہو اور جس نے وہ ظلم کیا ہوتا ہے اس کے خلاف کوئی کارروائی ہوئی ہو۔ اگر ہم چند پیسوں کے لیے انتہاپسندی کو اپنے نظریات میں نہیں لاتے تو یہ کوئی مسلمانوں کی روایات نہیں ہیں جو آج ہو رہی ہیں۔ میں یہ بار بار کہہ رہا ہوں کہ پاکستان میں دس فیصد لوگ بندوق کے دہشت گرد ہیں، نوے فیصد لوگ ذہنی دہشت گرد ہیں اور یہ اس چیز کی عکاسی ہے جو ہر چند روز کے بعد ہمارے ملک اور ہمارے علاقوں میں ابھر کر سامنے آتی ہے۔

جناب چیئرمین! آپ جس Chair پر بیٹھے ہیں ، this is a very respectable Chair اور آپ بہت عزت دار اور نظریاتی بندے ہیں۔ اس Chair کے پاس mic بند کرنے اور کھولنے کے علاوہ اور بھی اختیار ہے، اللہ کرے کہ یہ Chair وہ اختیار استعمال کرے۔ کیا ایسے حادثے پر بھی یہ Chair وہ اختیار استعمال نہیں کرے گی۔ ہم اور کیا کر سکتے ہیں، 100 سینیٹرز ہیں، اس سے زیادہ prime cream نہیں ہے، آپ الحمدللہ اس وقت چیئرمین کی کرسی پر بیٹھے ہیں، آپ سے اوپر کوئی بندہ نہیں ہے۔ کیا full stop لگے گا یا نہیں لگے گا؟

یہاں بات ہوئی کہ ہم ایک ایک دہشت گرد کو ماریں گے اور میں اس کا بعد میں جواب دوں گا لیکن یہ تقاریر ہم پچاس سالوں سے سن رہے ہیں کہ آپ نے ایک ایک دہشت گرد کو مارنا ہے۔ دہشت گرد تو مرے نہیں ہیں، قوم کی حالت بری ہو گئی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ اپنی پوری بات کر لیں مگر ٹھنڈی اور میٹھی زبان میں۔

سینیٹر ایمل ولی خان: شکریہ جناب۔ کتنی پیاری باتیں کر رہا ہوں، آپ کی کتنی تعریفیں کر رہا ہوں، آپ کے اختیارات کا آپ کو بتا رہا ہوں کہ الحمدللہ کہ آپ کے پاس بڑے اچھے اچھے اختیارات ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ لوگ اس کا فیصلہ کریں کہ بلوچستان میں کیا ہونا چاہیے، پھر ہم اس پر عمل درآمد کریں گے۔

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب چیئرمین! اوپر دیکھیں کہ بدقسمتی کے ساتھ وزیراعلیٰ صاحب، وزیراعلیٰ نہیں لگ رہے تھے وہ تفتیشی افسر لگ رہے تھے، Is Chief Minister an investigating officer? No, sorry, وزیراعلیٰ کا یہ کام نہیں ہے کہ وہ میڈیا پر آ کر کہے کہ اس کے پانچ بجے تھے، اس کے چھ بجے تھے، we have nothing to do with

ان کے پچاس بچے ہوں، ساٹھ بچے ہوں کچھ بھی ہو، وزیرِاعلیٰ کا یہ کام نہیں ہے، وہ وہاں آ کر یہ it, بولیں کہ جو لوگ وہاں تھے سب گرفتار ہیں آپ آ کر دیکھیں۔ جس سردار یا نواب زادہ نے یہ فیصلہ کیا ہے اسے دیکھ لیں وہ ہتھکڑی میں ہے، وزیرِاعلیٰ کا تو یہ کام ہے۔ اس طرح تو کوئی investigating officer آ کر press conference کرتا۔ آپ ہمارا response دیکھیں at the highest level اتنا غلط response, ہم یہ سمجھ رہے تھے کہ وزیرِاعلیٰ صاحب ابھی بولیں گے کہ ہم نے سب کو پکڑ لیا ہے، پاک فوج زندہ باد، سب پکڑے گئے ہیں، ابھی وہ کہہ رہے ہیں کہ اس کے پانچ بچے ہیں، اس کے چھ بچے ہیں۔ یہ کیا ہے۔ آپ خود بتائیں کہ ایک صوبے کے وزیرِاعلیٰ کا یہ بیان۔ وہ ان انسانوں یا لوگوں کی مرہم پٹی کرے گا یا نہیں، آپ نے قوم کو اب اس بات میں الجھانا ہے کہ قصہ الگ تھا، یا جو بھی قصہ تھا، آیا کسی کے پاس یہ اختیار ہے کہ وہ کسی کو گولی مارے، میں نہیں سمجھتا ہوں۔

جناب چیئرمین! یہاں پر تو قانون پر عمل درآمد الحمدللہ، آئین پر عمل درآمد نہیں ہوتا ہے تو قانون پر کیا عمل ہوگا۔ قانون سخت کریں۔ ہمارے پختونخوا میں ایسے لوگ ہوتے تھے جو دو سو یا تین سو روپے والے ملک تھے، سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کا ایک حکم آیا کہ جس جرگے میں بھی "سورا" کا فیصلہ ہوگا وہ جرگے والے جیل میں جائیں گے، آپ آج ایک قانون لائیں کہ جس جرگے میں بھی ایسا فیصلہ ہوگا اس کو final penalty ملے گی، سزائے موت یا عمر قید، پھر دیکھتے ہیں کہ کوئی ایسے فیصلے کرتا ہے یا نہیں کرتا۔ اور اسے implement کریں۔ میں مانتا ہوں کہ human rights ہیں اور ہم West کے بہت influence میں ہیں لیکن کچھ چیزوں کو مثال بنانے کے لیے عبرت ناک سزا دیں۔ آج جو بندے ویڈیو میں نظر آ رہے ہیں اور جس نے یہ فیصلہ کیا ہے اسے اس ڈی چوک میں لٹکائیں تو آپ دیکھیں گے کہ اس کے بعد کوئی ایسا فیصلہ کرے گا۔ ہم تو پھر human rights, UN اور ان مسائل میں پڑ جاتے ہیں۔ جناب والا! بلوچستان کی بات چل رہی تھی اور سینیٹر صاحب نے حق کی بات کی تو اُدھر سے وہی نعرہ آیا کہ ہم جیت گئے اور جنگ جیت گئے، نہ BLA کی بات ہوئی، نہ جنگ کی بات ہوئی۔ ہمارے ایک وزیر موصوف صاحب بہت سمجھدار جواب دے دیتے ہیں لیکن وہ باہر تھے۔ وہ اپنے حق کی بات کر رہے ہیں اور اُدھر سے نعرہ لگا کہ ہم جنگ جیت گئے، یہ کیا ہے؟ ہم تو جنگ کی بات نہیں کر رہے ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ سینیٹ میں ایک دن کھلے عام BLA پر بحث ہو

جائے، جو بول رہے ہیں ان کو بھی پتا چل جائے گا اور دنیا کو بھی پتا چل جائے گا، آپ کے دل میں جو باتیں ہیں، ہمارے دل میں جو باتیں ہیں، حقیقت اور سچ سامنے لے آئیں تو سب کو پتا چل جائے گا۔ کیا BLA ہم لوگوں کا کام ہے، نہیں۔ اگر ہم حق مانگیں گے تو نہیں! یہ تو دہشت گرد ہیں، اُوپر سے یہ احسان کہ ہم نے اڑھائی سوارب روپے دے دیے ہیں، آپ کون ہیں؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: بہت سارے اراکین اس موضوع پر بات کرنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب والا! آپ مجھے دو منٹ تو دیں۔ جناب والا! mines and minerals, کیا حکومت پاکستان جو بڑی خوشی سے کہتی ہے کہ hybrid regime, کیا وہ پاکستان کے آئین کو مانتے ہیں یا نہیں مانتے ہیں؟ اگر حکومت پاکستان کی یہ hybrid regime پاکستان کے آئین کو مانتی ہے تو یہ احسان اپنے پاس رکھیں، 18th Amendment کے ذریعے تمام حقوق صوبوں کو دیں، اس میں آپ کا کوئی احسان نہیں ہے۔ آپ کہتے ہیں کہ بلوچستان کو اس کا حق دیں گے، آپ نے دیا ہے؟ آج تک گیس کا حق دیا ہے جسے ریاست نے مانا ہے۔ ریاست نے بلوچستان کے ساتھ گیس کا جو معاہدہ کیا ہے، آج تک اسے حق دیا ہے، نہیں۔ ریاست نے خیبر پختونخوا کے ساتھ AGN Kazi Formula کے تحت بجلی کا جو معاہدہ کیا، آج تک اسے یہ دیا، نہیں۔ پرانے معاہدوں پر یہ حالت ہے اور نئے minerals لے کر جا رہے ہیں۔ جناب والا! میں اپنی بات کو ختم کرتا ہوں کہ حکومت ہوش کے ناخن لے، Frontier Constabulary کو Federal Constabulary بنانا حکومت اپنے لیے ایک سخت راستہ چن رہی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس دن آپ نے Frontier Constabulary کے حوالے سے، سوات کے حوالے سے اور مولانا خانزیب کے حوالے سے سوال اٹھائے تھے، وزیر داخلہ آئے تھے اور وہ جواب دینا چاہتے تھے لیکن آپ ایوان میں نہیں تھے، آپ کو ہونا چاہیے تھا۔

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب والا! مجھے پتا ہے۔ ان وزرا کو تو ہر وقت ہونا چاہیے، یہ ذمہ دار ہیں، Minister for Interiors کی ایک team ہے۔ آج یہ طاقت میں ہیں، آج ووٹ کو عزت ملی ہے، آج یہ Federal Constabulary بنا لیں لیکن یہ حکومت تک ہے۔ ہم آج تک اس لیے بیٹھے ہوئے ہیں کہ حکومت smoothly چلے، حکومت اچھے طریقے سے چلے۔ اگر حکومت ہمارا یا پختون قوم کا یہ رویہ ناکامی یا کمزوری سمجھ رہی ہے تو I am sorry to say ہم

اس حق کے لیے ہر حد تک جانے کو تیار ہیں۔ حکومت اپنا یہ فیصلہ واپس لے یا پھر ہم ان شاءاللہ سڑکوں اور میدانوں میں ان سے بات کریں گے۔ جناب والا! last Tuesday میں نے ایک درخواست کی تھی، میں Wednesday کو وزیراعظم سے ملا، ہفتہ ہونے والا ہے، آج تک judicial inquiry commission نہیں بنا۔ اس وقت عوام کی demand ہے کہ ہم سڑکوں پر نکلیں، ہم امن کے لیے بھرپور احتجاج کریں۔ ہم کس سے امن مانگیں، حکومت سے مانگیں، دفاعی اداروں سے مانگیں، پاکستان میں امن کی چابی کس کے پاس ہے؟ پوری پختون قوم امن کی طلبگار ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ اُس آدمی کے پاس جا کر منتیں کریں، ترلے کریں، کچھ کریں جس کی وجہ سے وہ ہمیں امن دے دے۔ یہ ہماری demand ہے اور اگر یہ demand پوری نہیں ہوتی تو پھر ہمیں مجبوراً دوسرے اقدامات لینا پڑیں گے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، سینیٹر عرفان الحق صدیقی صاحب۔

**Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui**

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ بہت شکریہ، جناب چیئرمین! میں محسوس کرتا ہوں جیسے ہمارے بہت سارے دوستوں نے کہا کہ بلوچستان میں جو سانحہ ہوا، اس سانحہ کے حوالے سے کوئی باضابطہ tool آنا چاہیے تھا، جس پر ہم بحث کرتے، بات کرتے، اپنی تجاویز دیتے۔ اب بھی گنجائش ہے کہ اس پر سیر حاصل بات کی جائے، بحث کی جائے اور کوئی حل نکالا جائے۔ جناب والا! حقیقت یہ ہے کہ کچھ سانحات، کچھ حادثات، کچھ واقعات ایسے ہوتے ہیں کہ جن کو بیان کرنے کے لیے الفاظ نہیں ملتے۔ یہ ایسی درندگی کا واقعہ ہے جو بلوچستان کی سرزمین پر رقم ہوا۔ میرے خیال میں بلوچستان کی سرزمین جہاں دہشت گردی کی وارداتیں تو ہوتی رہتی ہیں لیکن وہ دہشت گرد اپنے motives رکھتے ہیں، اپنے سرپرست رکھتے ہیں، اس طرح کے واقعات پر شاید آپ کے جانبازوں اور بہادروں کی سرزمین ہمیشہ ماتم کرتی رہے گی، وہ خون کے آنسو روتی رہے گی۔ اس واقعہ کو کیا نام دیا جائے اور کیا اسے افسوس ناک کہا جائے، یہ بہت چھوٹا لفظ ہے، کیا شرم ناک کہا جائے، یہ بہت چھوٹا لفظ ہے، کیا اندوہناک کہا جائے، یہ بہت چھوٹا لفظ ہے، اسے خوفناک کہا جائے، یہ بھی بہت چھوٹا لفظ ہے۔ میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایک حیران کن بات یہ ہے کہ وہاں کی صوبائی حکومت یا صوبائی انتظامیہ کے حوالے سے کسی منفی تاثر کے بغیر، کیا یہ سانحہ کسی بہت دور افتادہ

علاقے میں ہوا، کیا سمندر کی گہرائی میں ہوا، کیا گھنے جنگلوں والے جزیرے پر ہوا کہ حکومت کو دو مہینے تک خبر ہی نہیں ہوئی کہ یہ واقعہ ہوا۔ اتنا بڑا سانحہ ہو گیا اور حکومتِ وقت کو دو مہینے بعد اس وقت خبر ملتی ہے جب social media پر اس کا چرچا ہوتا ہے۔ ہم اس کو بھی نہیں دیکھیں گے، حکومت اسے خود دیکھے کہ اس کا کیا نظام ہے؟ وہاں اس کے کارندے موجود ہیں، اس کا D.C کہیں نہ کہیں موجود ہے، اس کا Commissioner موجود ہے، اس کی Police and Levies موجود ہو گی، کسی نے کوئی خبر نہیں دی اور اب جب خبر آئی ہے تو اس پر کارروائی ہو رہی ہے۔ ہمیں اپنے نوجوان وزیراعلیٰ پر بڑا اعتماد ہے لیکن معاملہ یہ ہے کہ اس کے roots پر جانا چاہیے، کیسے یہ واقعہ ہو گیا؟ واقعہ ایسے ہوتا ہے کہ وہاں کوئی عدالت لگی، اس عدالت میں کوئی جج صاحب بیٹھے ہیں، جج صاحب نے کچھ گواہیاں لی ہیں، پورا گاؤں اکٹھا ہوا ہے، اس کے بعد محترم جج نے فیصلہ صادر کیا ہے کہ انہیں فلاں جگہ لے جا کر گولیاں مار دو اور اس فیصلے پر عمل ہوتا ہے۔ اب یہ ساری کہانی ہوئی، یہ نظام کہاں سے آیا، میں تو اس نظام کی بات کرتا ہوں۔ دہشت گرد آتا ہے، چھپ کر راکٹ چلاتا ہے، بم پھینکتا ہے، خودکش حملہ کرتا ہے، چلا جاتا ہے، یہ تو ایک صوبے میں systematic نظام ہے یا شاید دوسرے صوبے میں بھی موجود ہو۔ اس نظام پر کون کلہاڑا چلائے گا؟ اس نظام کا کون قلع قمع کرے گا؟ میں آج وزیراعلیٰ صاحب کو سن رہا تھا، وہ کہہ رہے تھے کہ حالت یہ ہے کہ جب پولیس ان گاؤں اور دیہات میں جاتی ہے۔

(مداخلت)

Mr. Deputy Chairman: Order in the House.

سب فون بند کریں اور توجہ سے بات سنیں۔

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: آج وزیراعلیٰ بتا رہے تھے کہ جب ہم گاؤں میں آدمیوں کو پکڑنے جاتے ہیں تو مرد کیا، خواتین کیا، یہ چھتوں پر چڑھ کر پتھر مارتے ہیں کہ تم کون ہو اور کیسے آ گئے ہو، یہ ہے وہ خوف۔ میں کہتا ہوں اکثر بلوچستان کے حقوق کی بات ہوتی ہے اور اچھا لگتا ہے۔ مجھے بہت اچھے لگتے ہیں یہ لوگ جو اپنے صوبے کے حقوق کے لیے اٹھتے ہیں، آواز بلند کرتے ہیں۔ اپنے صوبے کو غلامی سے نجات دلوائیں۔ اپنے صوبے کو سب سے پہلے غلامی سے نجات دلوائیں یہ ہے وہ غلامی جس کے خلاف آپ کو لڑنا چاہیے۔ یہ ہے وہ غلامی جس کے خلاف آپ کی تحریک چلنی چاہیے، یہ ہے وہ

غلامی جس کی جڑ آپ کو اکھاڑنی چاہیے۔ اس غلامی کا کوئی بھی ذکر نہیں کرتا۔ کون ہیں یہ لوگ جنہوں نے آپ کو غلام بنایا ہوا ہے۔ میری بیٹیوں کو غلام بنایا ہوا ہے، میرے بچوں کو غلام بنایا ہوا ہے۔ ان کو گولیاں مارتے ہیں، ہم ان کا نام نہیں لیتے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ اپنے نمبر پر بات کریں، پہلے ان کو بات کرنے دیں۔

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: آپ اپنی گفتگو بعد میں کریں۔ ریاستی support بہت اچھا نسخہ ہے، ریاستی support کتنے برسوں سے ہے۔ یہ نظام جس کا میں ذکر کر رہا ہوں یہ پاکستان سے پہلے کا چلا آ رہا ہے۔ یہ نظام آج نہیں بنا، آج کی ریاست نے نہیں بنایا۔ میری گزارش سن لیں یہ نظام آج کی کسی establishment نے وضع نہیں کیا۔ میں یہ بتا رہا ہوں کہ یہ نظام قبل از تقسیم آ رہا ہے۔ یہ نظام بھارت نے آزادی ملتے ہی ختم کر دیا تھا، آپ نہیں کر سکے، ہم نہیں کر سکے۔ آج وہ نظام آپ کی اور میری بیٹی کے سر پر گولی مارتا ہے، وہ ایک بیٹی کے سر پر نہیں مارتا وہ پاکستان کے سینے میں گولی مارتا ہے۔ وہ پچیس کروڑ انسانوں کے سینے میں گولی مارتا ہے، وہ آپ کے معاشرے کے سینے میں گولی مارتا ہے، وہ آپ کی تہذیب کے سینے میں گولی مارتا ہے، وہ آپ کے مذہب کے سینے میں گولی مارتا ہے۔ یہ کون سا قرینہ ہے اور آپ کہتے ہیں کہ سرپرست ملے ہوئے ہیں۔ آپ ان کے خلاف بھی جہاد کریں جو ان کی سرپرستی کرتے ہیں۔ جب تک ان کا قلع قمع نہیں کریں گے یہ عدالتیں لگتی رہیں گی۔

یہ عدالتیں لگتی رہیں گی، گولیاں اسی طرح چلتی رہیں گی۔ اسی طرح انصاف ہو رہا تھا میں ابھی ایک سیکنڈ کے لیے باہر گیا اور پھر میں نے وہ منظر دیکھا T.V پر کہ اس لڑکی کی بھی قبر کھودی ہوئی ہے اور اس لڑکے کی بھی قبر کھودی ہوئی ہے اور لاشیں نکالی جا رہی ہیں اور ان کا پھر سے postmortem ہونا ہے۔ یہ کیا ہے؟ ہم کس ملک میں رہ رہے ہیں؟ انہوں نے کیا دو انسانوں کو قتل کیا ہے، انہوں نے پاکستان کی آبرو کو قتل کیا ہے۔ پاکستان کے چہرے کو ساری دنیا میں مسخ کیا ہے، کوئی چیز اس جرم کو، کوئی دلیل اس جرم کو، کوئی وکالت اس جرم کو چھپا نہیں سکتی۔ اس جرم کی جتنی مذمت کی جائے، یہ وفاق کا مسئلہ ہے، نہ کسی صوبے کا، نہ کسی نسل کا، نہ کسی ریاست کا، نہ کسی سیاست کا۔ یہ ہمارا اجتماعی مسئلہ ہے۔ یہ اجتماعی مسئلہ ہے جب تک اس مسئلے کا حل نہیں نکالیں گے۔ ہم

کیوں نہیں قانون بناتے کہ یہ جاگیرداری نظام اور وہ نظام جو لوگوں کو ذبح کرتا ہے یہ آج سے ختم ہو گیا ہے۔

آج جو claim کرے گا کہ میں انصاف کروں گا، میں جرگہ بٹھاؤں گا وہ قانون کی خلاف ورزی کرے گا۔ تارڑ صاحب یہ قانون بنائیں، بنائیں ایسے قانون۔ ہمیں آگے بڑھ کر ریاست کو اپنا آپ منوانا پڑے گا ورنہ ریاست اسی طرح رسوا ہوتی رہے گی۔ ہم کیا چہرہ دکھائیں گے، آپ ہزار دفعہ کہیں کہ ہمارا soft image ہو گیا ہے، نغمے بنالیں، گانے بنالیں، گیت بنالیں۔ جب یہ تصویریں باہر جاتی ہیں اور یہ videos باہر جاتی ہیں تو آپ کے ماتھے پر منوں کالک ملی جاتی ہے جو آپ دھو نہیں سکتے۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ root cause پر جائیے۔ Root cause پر جائیے۔ آپ نے تیرہ بندے گرفتار کر لیے ان پر تیرہ سال مقدمہ چلے گا اور چودھویں سال معلوم ہو گا کہ ناکافی ثبوت کی وجہ سے ان کو آزاد کر دیا گیا ہے۔

اس لیے جڑ پر جائیے، جڑ کو کاٹیے ورنہ یہ جڑ اور اس جڑ سے پھوٹتا ہوا درخت ایسا ہی کڑوا پھل دیتا رہے گا۔ ایسا ہی کڑوا پھل ہماری نسلوں کو کھانا پڑے گا۔ ایسی ہی ہمارے بچوں کی بیٹیاں بھی شاید نشانہ بنیں گی۔ یہ کیا معاشرہ ہے اور ہم اس پر بات کرتے ہوئے شرماتے ہیں۔ جہد و جہد کریں، جہاد کریں، آپ بلوچستان کے لوگ اٹھائیں جھنڈا کہ سب سے پہلے ہم اس نظام کو ختم کرتے ہیں۔ ہم آپ کے ساتھ ہیں لڑیں گے۔ دنیش کمار صاحب اٹھائیں کوئی بھی یہ جھنڈا اٹھائے اور ہم آپ کے ساتھ ہیں لیکن اگر آپ لیپا پوتی کریں گے۔ آپ نوکریوں کے پیچھے پڑے رہتے ہیں کہ نوکریاں کتنی ہیں، نوکریاں کم ہیں یا زیادہ ہیں۔ یہ مسئلہ اٹھائیں آج تک تو نہیں لائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایمل ولی صاحب .please

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: مجھے چار سال ہو گئے ہیں کوئی بلوچستان کا آدمی یہ مسئلہ نہیں لے کر آیا۔ نوکریوں کے مسئلے آجاتے ہیں، دوسرے مسئلے آجاتے ہیں۔ This is the root cause, Rule of Law. عدالتیں سجیں گی جگہ جگہ، یہ Rule of Law ہے اگر عدالتیں سجیں گی۔ آپ law کو چھوڑیں law کا میں بھی نشانہ بنا ہوں اس بات کو رہنے دیں اور یہ جولائی کا ہی مہینہ تھا۔ اس کو چھوڑ دیں۔ آپ اس معاملے کی شدت اور حدت کو کم مت کریں، آپ اس کو سیاست پر مت لائیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ ان کی بات کے درمیان میں مداخلت تو نہ کریں۔

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: مجھے افسوس ہوتا ہے جب اتنے اہم National issueپر درمندی سے بات کرتے ہوئے۔ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ اس میں کوئی سیاست نہیں ہے پھر یہ کہتے ہیں کہ root causeیہ نہیں ہے، root causeکوئی اور ہے۔ کوئی اور root causeہوگا آپ اپنی دلیل دیں لیکن بات یہ ہے کہ جب سرعام عدالت لگتی ہے، جب سرعام ایک جج بیٹھتا ہے، جب سرعام وہ گواہیاں دیتا ہے، جب وہ اپنے فیصلے کوexecuteکراتا ہے، گولیاں مارواتا ہے، دفن کرادیتا ہے۔ ہم کہاں ہیں؟ ریاست کہاں ہے؟ جس سرزمین کے اوپر، جس صوبے کی سرزمین پر یہ ہوا اس صوبے کے Parliamentariansکو ہل جانا چاہیے۔ اس صوبے کےParliamentariansکے دلوں کے اندر خون کے فوارے چھوٹنے چاہیں۔ آپ کمال بات کرتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین! میں صرف یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں اور اپنی بات ختم کررہا ہوں کہ یہ بات سیاست کی نہیں ہے۔ یہ بات ہمارے اجتماعی ضمیر کے اوپر ایکchallengeہے، حملہ ہوا ہے۔ انسانیت کے ضمیر پر حملہ ہوا ہے، میں بھی اتنا ہی متاثر ہوا ہوں، محسن عزیز بھی اتنا ہی متاثر ہوا ہے، میرے دوست علی ظفر بھی اتنے ہی متاثر ہوئے ہیں۔ ہم سب ہوئے ہیں، ہم سب کے چہرے پر کالک ملی گئی ہے۔ ہمیں ایک اجتماعی مسئلے کے طور پرHouse of the Federationکی نمائندگی کرنی چاہیے کہ کیا ایسے نظام، ایسے جرگے، ایسی عدالتیں موجود رہنی چاہیے یا نہیں رہنی چاہیے۔ یہ فیصلہ کرلیں تو بات آگے چلے گی۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی شکریہ۔ ثمینہ میں آپ کو وقت دوں گا۔ پہلے یہ بات کرلیں، علی ظفر صاحب آپ بات کرلیں۔ علی ظفر صاحب کاmicکھول دیں۔

**Senator Syed Ali Zafar**

سینیٹر سید علی ظفر: جناب ڈپٹی چیئرمین! یہ المناک، ناقابل معافی اور شرمناک قتل جو ہوا ہے اس واقعہ کی میں سخت سے سخت مذمت کرتا ہوں۔ دنیا میں کوئی بھی معاشرہ اس طرح کے واقعہ کو برداشت نہیں کرسکتا۔ میری نظر میں کسی کو حق نہیں ہے کہ قانون اپنے ہاتھ میں لے لیکن اس قسم کے واقعات بار بار ہوتے رہے ہیں۔ میں نے بہت سارے لوگوں کی تقریریں سنی ہیں، خود کی

ہیں۔Resolutions passہوئے ہیں، لوگوں نے بہت گفتگو کی ہے لیکن ہم اس کو پھر بھول جاتے ہیں اور جب بھول جاتے ہیں تو پھر انتظار کرتے ہیں کہ دوبارہ ایسا واقعہ ہو۔

میں نے آج اپنے دوستوں اور ساتھیوں کی تقریریں سنیں، پر جوش تقریریں۔ میں سب کے ساتھ اپنی آواز شامل کرنا چاہوں گا لیکن میں ایک چیز کہوں گا اور وہ یہ ہے کہ ضروری یہ ہے کہ تقریروں سے تھوڑا آگے بڑھ جائیں۔ میں ایک تجویز پیش کرتا ہوں۔ تجویز یہ ہے میں نے سنا ہے کہ ایک طرف کہا گیا کہ جو جو لوگ اس videoمیں موجود تھے جو دیکھ رہے تھے، جو شامل تھے، جو اس کے پیچھے تھے، جو اس گروہ میں تھے جنہوں نے یہ فیصلہ کیا کہ اس طرح قتل کرنا ہے۔ ان سب کو سڑکوں پر لا کر ٹانگ دیا جائے، یہ بھی تجویز آئی لیکن میں اتنا آگے نہیں جاؤں گا۔ میں یہ کہوں گا کہ انصاف کے تقاضے پورے کرتے ہوئے کیونکہ میری نظر میں جو جو اس videoمیں تھا۔ جو جو اس چیز میں ملوث تھا وہ قاتل ہے اس کو سزائے موت ہونی چاہیے لیکن میں یہ suggest کروں گا کہ انصاف کہ تقاضے پورے کرتے ہوئے۔ قانون کے ذریعے ان کو سخت سے سخت سزا دی جائے اور ہم اپنے mindمیں fix کرلیں کہ ایک مہینے میں یہ سزا ہونی چاہیے کیونکہ جب تک قوم سزا نہیں دیکھے گی، جب تک قوم ان قاتلوں کو نہیں دیکھے گی کہ ان کو سزائے موت ہوئی ہے اور جب تک پھانسی کا پھندہ ان پر نہیں لگے گا۔ میری نظر میں یہ چیز تب تک ختم نہیں ہو گی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین! میں یہ suggest کرتا ہوں کہ ایک implementation committeeبنایئے۔ جس میں ہر سیاسی پارٹی کے ہر forum کے اور ہر صوبے کے لوگ ہوں اور ہم صرف implement کریں کہ صوبے میں کیا ان لوگوں کے خلاف کارروائی ہو رہی ہے اور وہ کس progress کے ساتھ ہو رہی ہے۔ اس کی monitoring کی جائے اور ہم اس کو دیکھیں گے کہ ایک مہینے کے اندر اندر اس کا کیا اثر ہوتا ہے اور کیا اس کا effect ہوتا ہے۔ جناب چیئرمین! مجھے جو بات افسوس کی لگی اور میں یہ سیاسی بات نہیں کرنا چاہتا لیکن افسوس کی بات یہ لگی۔ مجھے ابھی میرے محترم عرفان صدیقی صاحب نے بتایا کہ دو مہینے پہلے کا یہ واقعہ تھا۔ تو عجیب و غریب بات یہ ہے کہ جب تک ویڈیو نہیں آئی یہ قاتل جو ہیں وہ بالکل عام شہریوں کی طرح پھر رہے تھے۔ نہ چیف منسٹر، نہ آئی جی پولیس اور نہ حکومت میں کسی نے آ کر یہ ہمیں بتایا یا کوئی کارروائی ان کے خلاف کی۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ چیف منسٹر سے لے کر آئی جی پولیس اور حکومت کی ساری کابینہ جو ہے ان کو

فی الفور resign بھی کرنا چاہیے۔ یہ دو چیزیں جب ہوں گی، جب resignation ہو گی اور حکومت جائے گی اور یہ قاتل پکڑے جائیں گے اور ان کو سزا ہو گی تو سینیٹ کو تب چین لیناپڑے گا۔ تب ہی اگلا چیف منسٹر اور اگلی کابینہ یہ ہوش سنبھالے گی کہ اس قسم کی کارروائی روکنی ہے۔ ایک لفظ استعمال کر رہے تھے۔ کچھ لوگوں نے کیا، میرے ساتھیوں نے جرگے کا لفظ استعمال کیا، کچھ نے کہا عدالت لگ گئی۔ جرگہ اور عدالت مختلف چیزیں ہوتی ہیں۔ جرگہ بری چیز نہیں ہے۔ ہمارے گاؤں میں جب لوگوں کے چھوٹے موٹے جھگڑے ہو جاتے ہیں تو ایک جرگہ بیٹھتا ہے وہ بیٹھ کر صلح صفائی کرتا ہے۔ تو میں اس کو کہوں گا کہ یہ ایک برائی اور قاتلوں کا گروہ ہے۔ اس کو میں جرگہ یا عدالت نہیں کہوں گا۔ یہ جو برائی اور قاتلوں کا گروہ ہے اس کے خلاف سخت سے سخت کارروائی فوراً شروع کی جائے۔ صرف FIR درج کرنے سے ہمیں satisfaction نہیں ہے۔ ہم دیکھنا چاہتے ہیں کہ عدالتی کارروائی شروع ہو اور سزا ہو۔

جناب چیئرمین! تو میں پھر سے آخری بار یہ آپ سے درخواست کروں گا کہ اس بار میں تین بار آپ کو request کر چکا ہوں آپ نے ابھی تک اس request کو نہیں مانا۔ مختلف چیزوں پر میں نے کہا تھا کہ کمیٹیاں بنائیں۔ کیونکہ یہی پارلیمنٹ جو ہے، سینیٹ جو ہے کمیٹیوں کے ذریعے چلتا ہے۔ میں آپ سے request کر رہا ہوں کہ اس معاملے میں تو خدارا! آپ ایک پارلیمنٹری کمیٹی بنائیے جو اس کو implement کرے۔ منسٹر صاحب تو ضرور اپنی بات کریں گے لیکن ایک سینیٹ کی بھی اس میں foresight ہونی چاہیے تاکہ یہ صرف حکومت کا معاملہ نہ رہے یہ ایک پارلیمنٹ کا معاملہ بنے اور جب یہ پارلیمنٹ کا معاملہ بنے گا تو یہ national معاملہ بنے گا۔ جب یہ national معاملہ بنے گا تو یہ چیز ختم ہو سکے گی۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری۔

**Senator Samina Mumtaz Zehri**

Senator Samina Mumtaz Zehri: Thank you Mr. Chairman. Sir, all of my learned colleagues have given very good speech on the subject

لیکن میں صرف اس پر کچھ بولنا چاہتی تھی۔ جناب چیئرمین! obviously جو incident ہوا ہے۔ Sir, it is very sad and unfortunate اور ایک چیز بولنی چاہیے کہ مرد کی بچی تھی۔ جس نے کھڑے ہو کر بولا کہ مجھے گولی مار دو لیکن مجھے ہاتھ نہیں لگاؤ۔
So it takes guts.

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ mic کے ذرا قریب آ جائیں۔

Senator Samina Mumtaz Zehri: So obviously, it takes guts to say this, especially when you are facing death.

لیکن جناب چیئرمین! یہاں پر بہت ساری باتیں ہوئیں کہ یہ ہمارے صوبے یا ہمارے ملک کے اوپر ایک۔۔۔۔ جناب چیئرمین! یہ incidents تو ہمارے ہاں روز ہوتے ہیں۔ یہ کوئی نئی چیز تو نہیں ہے۔ آج آپ کو ایک viral video ملی ہے جو کہ عید کے تیسرے دن ہوئی which I was also shocked because I was not aware of it. کہ کسی کونے میں جا کر انہوں نے میاں اور بیوی کو مارا ہے۔ They are claiming that they were not married. Whatever the reason might be murder is murder. غیرت کے نام پر قتل کرنا کس بات کی ان لوگوں کو غیرت ہے۔ مجھے تو یہ بات سمجھ میں نہیں آتی۔

جناب چیئرمین! دوسری بات یہ ہے کہ ہم لوگ، we are just worried about what face we are going to show to the world. We are not worried about what face we are going to show to our children. کس طرح ہم نے ایک ملک کا نقشہ تبدیل کر دیا ہے جہاں پر صرف اور صرف روز کسی نہ کسی طریقے سے موت آتی ہے۔ جناب چیئرمین! آپ لوگ بولتے ہیں کہ Human Rights, کیا Human Rights صرف قاتلوں کے لیے ہیں۔ ان innocent لوگوں کے لیے Human Rights نہیں ہیں۔ Every time ایسے ایک کو سزائے موت دے دو۔ جھنڈا اٹھا لیتے ہیں کہ Human Rights کا مسئلہ آ جاتا ہے۔ What human rights, sir? وہ جو تڑپ کر مری۔ اس کے جو پانچ بچے پیچھے رہ گئے۔ ویسے یہ تو بلوچستان کا واقعہ ہے، جناب چیئرمین! کسی صوبے کو اٹھا لیں، کہیں پر یہ بات کر لیں۔ آپ کہتے ہیں، علی ظفر صاحب نے بھی

بولا۔ ہمارے سینیٹر عرفان الحق صدیقی صاحب نے بھی بولا کہ we should not take it in our own hands. Sir, I think it's about time we do something about it rather than leaving it to courts or the police. جیساکہ انہوں نے کہاFIRکاٹ کر ان کو کسی نہ کسی بہانے سے چھوڑ دیں گے۔ جناب چیئرمین! till today, I am sorry that I am quoting this. ایک اور واقعہ ایک بچی کے ساتھ ہوا تھا۔ نور مقدم کا تو بہت بھیانک واقعہ تھا۔ جناب چیئرمین! کتنے سال گزر گئے۔ وہ لڑکا جیل میں ہے۔ زندہ ہے۔ آپ لوگ کہتے ہیں کہ he is suffering and life imprisonment is also worse. I am sorry, he is living. What about the parents, sir, جو وہ روز تڑپ کر مر رہے ہوتے ہیں۔ ابھی ان پانچ بچوں کا کیا بنے گا۔ ان پانچ بچوں کی ماں گئی ہے۔ ان کا تو کوئی وارث نہیں ہے۔ جو لوگوں کے وارث ہیں وہ بھی آگے پیچھے ان کا کچھ نہیں ہے۔ جو بالکل ہی لاوارث ہیں ان کا کیا بنے گا۔

Sir, this is happening all over the country. I think the government needs to take some action. And I don't think committees and all these decision-making will do anything. I think we need to stand up and do something about it. Every day, that's...

منسٹر صاحب! آپ تھوڑا سا غور فرمائیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: منسٹر صاحب آپ ہی کو سن رہے ہیں۔ جب بھی آپ بولتی ہیں یہ بڑے غور سے سنتے ہیں۔

Senator Samina Mumtaz Zehri: No, but I feel that you are not paying attention. Sir, this is very important.

نہیں وہ میرے بھائی ہیں اور منسٹر بھی ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: کیونکہ آپ اس کمیٹی کی Chairperson بھی ہیں۔

Senator Samina Mumtaz Zehri: Exactly. And sir, you need to do something about it. On Friday, you passed a bill, which I do respect your point of view.

لیکن میں اس دن بھی اسی وجہ سے آپ کو بول رہی تھی کہ جناب! آپ یہ سزائیں کم کر رہے ہیں۔آپ کو actually judiciary and police reforms پر کام کرنا چاہیے۔ یہ کام کرکے ماشاء اللہ you people have positions. All of you are very learned. We together can change the system. We can do something. We need to bring a change. Especially this *Jirga* system needs to end. This *Jahalat* needs to end. These excuses to kill people need to end, sir. Honor killing, جن لوگوں نے مارا ہے ان کا ذرا پیچھے سے شجرہ دیکھ لیں کہ وہ کتنے غیرت مند ہیں۔ان کا کیا background ہے؟ جناب چیئرمین! میں تو کہہ رہی ہوں کہ ان کو کھڑے ہو کر گولی مارنی چاہیے۔اسی طریقے سے جس طریقے سے اس لڑکی کو مارا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ Chair کو مخاطب ہوں۔

Senator Samina Mumtaz Zehri: I am sorry. Sir, I am just looking at the Minister. I want to see him and then I will talk to him.

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں، وہ آپ کو سنیں گے۔آپ بات کو مکمل کریں۔

Senator Samina Mumtaz Zehri: So, sir, sorry, it's a very serious matter, but I'm very, very, sir, I'm requesting you, please do something. It's about time, sir, you have to,

ہم سب کی بہنیں مائیں، ہم خود آپ کو request کر رہے ہیں۔

I am glad you noted my point, but we need to do something about it. Thank you.

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ بہت اہم معاملہ ہے۔ پورے ایوان اور پوری قوم کو اس پر تشویش ہے۔ بہت سے ممبران بولنا بھی چاہیں گے مگر وقت بھی بہت زیادہ ہو گیا ہے۔ میرا مشورہ یہ ہے کہ اگلے اجلاس کے لیے چھوڑ دیتے ہیں۔اب آپ منسٹر صاحب بتائیں۔

**Senator Azam Nazeer Tarar**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں پہلے تو سینیٹر زرقا سہروردی تیمور صاحبہ کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے gender parity کے حوالے سے جو بات کی ہے۔اس پر میں بڑی تفصیل کے ساتھ اس ہاؤس سے بھی بات کرنا چاہوں گااور کچھ ہماری شکایات internal agency سے ہیں۔اس پر بھی بات کریں گے لیکن یہ جو اندوہ ناک واقعہ ہوا ہے۔ جناب چیئرمین! اس نے واقعی ہمارے سر شرم سے جھکا دیے ہیں۔ یہ ایک واقعہ نہیں ہے۔ میری بہنیں اور بھائی جو اس پر بولے ہیں وہ صحیح کہتے ہیں کہ یہ بڑے مسئلے کی صرف ایک شاخ ہے۔ اس میں ابھی سینیٹر انوشہ رحمان احمد خان صاحبہ کہہ رہیں تھیں کہ ہمیں اور بہت سے کام کرنے کے ساتھ ساتھ اپنی بہنوں کو بھی ہاتھ جوڑنے ہیں جو مائیں ہیں کہ اپنے شہزادوں کو اس طرح سے ان کی تربیت کرنے کی بجائے انہیں یہ بتائیں کہ عورت کی عزت اور تکریم کیا ہے۔ ہمارے نبی کریم ﷺ نے ہمیں کیا حکم دیا۔ ہماری شریعت کیا کہتی ہے اور کس طرح سے بیٹی اور بیٹا ایک ہیں۔ جناب چیئرمین! بالکل آپ کا حکم سر آنکھوں پر، یہ ایسا subject ہے جس پر اور بہت سارے دوست بولنا چاہتے ہیں، اسے آپ pending رکھیں۔ کل یا پرسوں جو بھی آپ کا schedule ہے، جب بھی session resume کریں گے تو اس کو شروع کریں گے اور پھر conclude کریں گے۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: دنیش صاحب! ابھی اس پر بہت سے اراکین کی لسٹ میرے سامنے ہے۔ پارلیمانی لیڈرز سے ہم مزید نام مانگیں گے کیونکہ یہ ایک بڑا اہم issue ہے۔ ہم نے اس معاملے پر ابھی دو گھنٹے بات کی ہے۔ میرا مشورہ یہ ہے کہ ہمیں اگلے اجلاس میں اس کو جاری رکھنا چاہیے۔ منسٹر کی حاضری کو ensure کریں گے۔ ابھی بھی ایک نہیں بلکہ دو منسٹرز موجود ہیں۔ محسن عزیز صاحب! آرڈر نمبر 40 پیش کریں۔

**<u>Resolution moved by the Senator Mohsin Aziz recommending the Government to take immediate and concrete steps to curb the spread of drugs in educational institution</u>**

Senator Mohsin Aziz: Thank you. I want to move a resolution before the House:

> "**WHEREAS** the alarming increase in the use of drugs among students in schools and colleges poses a serious threat to the physical and mental wellbeing of our youth;
>
> **WHEREAS** the youth represent the future of our nation and the growing trend of drug use is pushing them towards moral and social destruction;
>
> **The Senate of Pakistan,** therefore, recommends, that the Government should take immediate and concrete steps to curb the spread of drugs in educational institutions;
>
> **The Senate of Pakistan** also urges upon the Government to coordinate with the Provincial Governments and make a comprehensive national strategy to eliminate usage of drugs from academic institutions."

جناب ! میں اس پر صرف آدھا منٹ بات کروں گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : قرارداد پر بات نہیں ہو سکتی۔ اس پر بات اس لیے نہیں ہو سکتی کہ وزیر موصوف اس کی مخالفت نہیں کر رہے۔ اگر وہ مخالفت کرتے تو اس پر بات ہو سکتی تھی۔

سینیٹر محسن عزیز: جناب! میں منسٹر صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اس کو oppose نہیں کیا۔ یہ ہماری قومی ضرورت ہے۔ اس کے لیے میں پہلے ایک بل بھی لے کر آیا تھا جس کو بد قسمتی سے اسٹینڈنگ کمیٹی برائے داخلہ نے reject کیا حالانکہ وہ بڑا benign bill تھا اور اس کے متعلق صرف یہی کہا گیا تھا کہ institutions میں منشیات کی روک تھام ہونی چاہیے۔ ابھی میں اور شبلی صاحب مل کر اسی سلسلے میں ایک اور بل بھی اس ہاؤس میں لائیں گے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اس بل کے متعلق بھی ہمیں حکومت کی معاونت کی ضرورت ہوگی کیونکہ اس میں ہمارے بچوں کے future کی بات ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: دوست محمد صاحب! اس کے بعد آپ بات نہیں کر سکتے۔ اب میں قرارداد ایوان کے سامنے رکھتا ہوں۔

(قرارداد منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: قرارداد متفقہ طور پر منظور کی جاتی ہے۔ دوست محمد صاحب! کسی کے ساتھ ظلم نہیں ہوگا، ان شاء اللہ، اگلے اجلاس میں آپ کو پورا پورا موقع دیا جائے گا۔ ایوان کی کارروائی بروز جمعرات، 24 جولائی، 2025 کو صبح 11 بجے تک ملتوی کی جاتی ہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! ایسا ہے کہ چھٹی کے بعد اجلاس ہوگا تو اسے پانچ بجے رکھا جائے کیونکہ لوگوں نے سفر کرکے آنا ہے۔ اس کا وقت پانچ بجے کار کھا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: چلیں، دونوں طرف سے تجویز آئی ہے۔ للذا، ایوان کی کارروائی بروز جمعرات، 24 جولائی، 2025 کو شام پانچ بجے تک ملتوی کی جاتی ہے۔

---------------

*[The House was then adjourned to meet again on Thursday, the 24th July, 2025 at 5:00 pm]*

---------------